اور انبیاءؑ کا ورثہ دینار اور درہم نہیں ہیں بلکہ ان کا ورثہ علم ہے جس کا وارث عالم کو بنایا ہے (کتاب العلم

www.KitaboSunnat.com

مشکوٰۃ شریف احمد۔ ترمذی۔ ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعٰلِمُوْنَ۔

(پ۲ سورہ عنکبوت آیت نمبر ۴۳)

اور نہیں سمجھتے اس کو مگر علم والے۔

وَاَمَّا اَفْعَالُ الصَّحَابَةِ

فَاَخْرَجَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ فِيْ مُصَنَّفِهٖ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيُّ يَمْسَحُ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ لَهٗ مِنْ شَعْرٍ وَنَعْلَيْهِ وَسَنَدُهٗ صَحِيْحٌ۔

وَاَخْرَجَ اَيْضًا فِيْهِ اَخْبَرَنِي الثَّوْرِيُّ عَنِ الزِّبْرِقَانِ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا بَالَ فَمَسَحَ عَلٰى جَوْرَبَيْهِ وَنَعْلَيْهِ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ۔

وَاَخْرَجَ اَيْضًا فِيْهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَمْسَحُ عَلٰى خُفَّيْهِ وَيَمْسَحُ عَلٰى جَوْرَبَيْهِ۔

وَاَخْرَجَ اَيْضًا فِيْهِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَمْسَحُ عَلٰى جَوْرَبَيْهِ وَنَعْلَيْهِ۔

افعال صحابہؓ سے استدلال

مصنف عبدالرزاق میں ہے اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ۔ کہ خالد بن سعد فرماتے ہیں کہ ابو مسعود انصاریؓ جوتوں اور بالوں سے بنی ہوئی جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے اور فرماتے ہیں کہ سند صحیح ہے

نیز فرماتے ہیں کہ ثوری زبرقان سے وہ کعب بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں — یعنی کعب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو دیکھا کہ انہوں نے بول کیا اور جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا اور پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔

نیز عبد الرزاق اپنے مصنف میں یہ بھی لائے ہیں کہ ہمیں معمر نے اعمش سے اس نے ابراہیم سے خبر دی ہے یعنی ابراہیم بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ موزوں اور جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے۔

نیز فرماتے ہیں کہ اس میں ثوری اعمش سے خبر دیتے ہیں وہ اسماعیل بن رجاء سے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے براء بن عازبؓ کو دیکھا کہ جرابوں اور جوتوں پر مسح کر رہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاَخْرَجَ اَیْضًا فِیْهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ كَانَ یَمْسَحُ عَلَی الْجَوْرَبَیْنِ۔

وَقَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ فِیْ سُنَنِهٖ مَسَحَ عَلَی الْجَوْرَبَیْنِ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَابْنُ مَسْعُوْدٍ وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَاَبُوْ اُمَامَةَ وَسَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَعَمْرُو بْنُ حُرَیْثٍ وَرُوِیَ ذٰلِكَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَابْنِ عَبَّاسٍ۔

وَقَالَ ابْنُ الْقَیِّمِ فِیْ حَاشِیَتِهٖ عَلٰی سُنَنِ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ابْنُ الْمُنْذِرِ یُرْوَی الْمَسْحُ عَلَی الْجَوْرَبَیْنِ عَنْ تِسْعَةٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلِیٍّ وَعَمَّارٍ وَاَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ وَاَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَالْبَرَاءِ وَبِلَالٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَزَادَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَاَبِیْ اُمَامَةَ وَعَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ وَعُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ فَهٰؤُلَاءِ ثَلَاثَةَ عَشَرَ صَحَابِیًّا وَالْعُمْدَةُ فِی الْجَوَازِ عَلٰی هٰؤُلَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لَا عَلٰی حَدِیْثِ اَبِیْ قَیْسٍ اِنْتَهٰی۔

وَاَمَّا الْخَدْشَةُ فِی الْاِسْتِدْلَالِ بِهَا فَلِاَنَّهَا اَفْعَالُ الصَّحَابَةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَلِلْاِجْتِهَادِ فِیْهِ مَسْرَحٌ فَلَا تَنْتَهِضُ لِلْاِحْتِجَاجِ بِهَا وَهٰهُنَا خَدْشَاتٌ اُخَرُ تَظْهَرُ لَكَ مِمَّا سَیَاْتِیْ۔

تھے۔

نیز اس میں فرماتے ہیں کہ ہمیں معمر نے قتادہ سے انس بن مالک سے خبر دی کہ انس بن مالکؓ جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے۔

امام ابوداؤد سنن میں فرماتے ہیں کہ علی بن ابی طالبؓ ابن مسعودؓ، براء بن عازبؓ، انس بن مالکؓ، ابوامامہؓ سہل بن سعدؓ اور عمرو بن حُریثؓ جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے۔

نیز عمر بن خطابؓ اور ابن عباسؓ سے بھی جرابوں پر مسح مروی ہے۔

سنن ابی داؤد کے حاشیہ پر ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ ابن منذر فرماتے ہیں کہ جرابوں پر مسح نو صحابہ کرام سے مروی ہے جن کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں: (۱) علیؓ (۲) عمارؓ (۳) ابومسعود انصاریؓ (۴) انسؓ (۵) ابن عمرؓ (۶) براءؓ (۷) بلالؓ (۸) عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ (۹) سہل بن سعدؓ اور امام ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ ابوامامہؓ، عمرو بن حُریثؓ، عمرؓ بن خطاب اور ابن عباسؓ کا نام بھی زیادہ ذکر کرتے ہیں یہ تیرہ ۱۳ صحابہ کرام ہیں اور جرابوں پر مسح کے جواز کا دارومدار ان صحابہ کرامؓ پر ہے صرف ابوقیس کی حدیث پر نہیں انتہٰی

ان سے استدلال میں خدشہ یہ ہے کہ یہ افعال صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمعین ہیں اور اس مسئلہ میں اجتہاد کے لیے وسعت ہے چنانچہ حجت قوی نہیں ہے یہاں کچھ اور خدشات بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں جیسا کہ ذیل میں ان کی صراحت مذکور ہے

وَاَمَّا الْقِيَاسُ فَهُوَ اَنَّهُ لَمَّا جَازَ الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ جَازَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ اَيْضًا قِيَاسًا عَلَيْهِمَا فَاِنَّهُ لَا يَظْهَرُ بَيْنَ الْجَوْرَبَيْنِ وَالْخُفَّيْنِ فَرْقٌ مُؤَثِّرٌ يَصِحُّ اَنْ يُحَالَ الْحُكْمُ عَلَيْهِ

قیاس یہ ہے کہ اگر موزوں پر مسح جائز ہے تو جرابوں پر بھی جائز ہے کیونکہ ان میں کوئی واضح فرق نہیں کہ ان پر علیحدہ علیحدہ حکم لگانا صحیح قرار دیا جا سکے۔

وَاَمَّا الْخَدْشَةُ فِي الْاِسْتِدْلَالِ بِهِ فَهِيَ اَنَّ الْعِلَّةَ هٰهُنَا لَيْسَتْ بِمَنْصُوْصَةٍ فَلَا يُعْلَمُ بِيَقِيْنٍ اَنَّ الْعِلَّةَ الْوَاقِعِيَّةَ فِيْ جَوَازِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ مَا هِيَ وَالْقِيَاسُ بِالْعِلَّةِ الْغَيْرِ الْمَنْصُوْصَةِ لَيْسَ اِلَّا ظَنِّيًّا مَحْضًا فَكَيْفَ يُتْرَكُ بِمِثْلِ هٰذَا الْقِيَاسِ مَا ثَبَتَ بِالْقُرْاٰنِ وَمَا ثَبَتَ بِالْحَدِيْثِ الْمُتَوَاتِرِ مِنْ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ وَالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَاَمَّا الْقَوْلُ بِاَنَّهُ لَا يَظْهَرُ الْفَرْقُ بَيْنَ الْجَوْرَبَيْنِ وَالْخُفَّيْنِ فَرْقٌ مُؤَثِّرٌ الخ فَمَمْنُوْعٌ كَمَا لَا يَخْفٰى عَلَى الْمُتَاَمِّلِ۔

استدلال میں خدشہ یہاں قیاس کی علت پر نص نہیں ہے کہ یقیناً کہا جا سکے موزوں پر مسح کی علت یہی ہے چنانچہ غیر منصوصہ علت پر قیاس محض ظن ہے اور ایسی دلیل سے کتاب اللہ اور سنت متواتر یعنی قدموں کا دھونا یا موزوں پر مسح کرنے کو چھوڑا نہیں جا سکتا اور یہ کہہ دینا کہ موزوں اور جرابوں میں کچھ فرق ظاہر نہیں یہ بات درست نہیں اور سوچ و وچار کرنے والوں کے لیے یہ مخفی نہیں ہے

وَالْحَاصِلُ اَنَّهُ لَمْ يَقُمْ عَلٰى جَوَازِ الْمَسْحِ عَلَى الْجَوْرَبَةِ الْمَسْئُوْلَةِ عَنْهَا دَلِيْلٌ لَا مِنَ الْكِتَابِ وَلَا مِنَ السُّنَّةِ وَلَا مِنَ الْاِجْمَاعِ وَلَا مِنَ الْقِيَاسِ الصَّحِيْحِ كَمَا عَرَفْتَ وَالثَّابِتُ مِنَ الْكِتَابِ غَسْلُ الرِّجْلَيْنِ وَرَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَلَمْ يَثْبُتْ مِنْهُ الرُّخْصَةُ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ فَكَيْفَ يَجُوْزُ الْمَسْحُ عَلَيْهِمَا۔

خلاصہ یہ ہے کہ مسئولہ جرابوں پر مسح کرنے کے جواز میں کتاب اللہ، سنت رسول، اجماع اور صحیح قیاس سے کوئی دلیل نہیں ہے جیسے کہ معلوم ہو چکا ہے۔ کتاب اللہ سے ثابت قدموں کا دھونا ہے جبکہ موزوں پر مسح کی رخصت آنحضرتؐ نے دی ہے اور جرابوں پر مسح کی رخصت آنحضرتؐ سے ثابت نہیں تو ان پر مسح کیسے جائز ہو سکتا ہے۔

فَاِنْ قَالَ الْمُجَوِّزُوْنَ لَمَّا ثَبَتَ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحُوْا عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ ثَبَتَ اَنَّ عَلٰى جَوَازِ الْمَسْحِ عَلَيْهِمَا دَلِيْلًا فَاِنَّ

اگر جرابوں پر مسح کرنا جائز قرار دینے والے یہ کہتے ہیں کہ جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ صحابہ کرامؓ جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے تو یہ بھی ثابت ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شانِ الصحابۃ رضی اللہ عنہم اجمعین اعلیٰ من
ان یعملوا عملاً لیس علیہ دلیل فیما جوّز
اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
المسح علیہما جوّزنا نحن ایضاً وان لم
نعلم انہ ما ھو۔

قلنا علام تمسکھم اِمّا علی ما تمسک
بہ الصحابۃ او علی مجرد افعالھم فان کان
الاول فما ھو فما لم نعلم انہ ما ھو
وکیف ھو کیف نترک ما علمنا من القرآن
والاحادیث الصحیحۃ الثابتۃ بما لم نعلم
وان کان الثانی فقد علمت ما فیہ من الخدشۃ
ثم لا یدری ان الصحابۃ علی ای نوع من
انواع الجورب مسحوا لان الرواۃ انما حکوا
انھم مسحوا علی الجوربین ولم یبین
اکثرھم صفۃ الجوربین الذین مسحوا
علیہما ومن المعلوم ان الفعل المثبت
لا عموم لہ

ہے کہ جواز مسح پر دلیل ہے چونکہ صحابہ کرام اس
سے بالاتر تھے کہ بغیر دلیل کے کوئی عمل کریں چنانچہ
جس دلیل سے صحابہ کرام نے جرابوں پر مسح جائز
قرار دیا اسی دلیل سے ہم جائز قرار دیتے ہیں اگرچہ
ہمیں علم نہیں کہ وہ کونسی دلیل ہے۔

ہم کہہ سکتے ہیں کہ جرابوں پر مسح کو جائز قرار
دینے والوں کے لیے کونسی دلیل ہے کیا وہی دلیل
ہے جو صحابہ کرام کی ہے یا صرف صحابہ کرام کا فعل اگر
صحابہ کرام کی ہی دلیل ہے تو ہم نہیں جانتے کہ وہ
کونسی ہے اور کیسی ہے اور ایسی دلیل سے کتاب اللہ
اور سنت متواتر کو کیسے چھوڑا جا سکتا ہے اگر ان
کے لیے صرف افعال صحابہ کرام ہی دلیل ہیں تو آپ
کو خدشات سے واقفیت حاصل ہو چکی ہے پھر نا معلوم
کونسی قسم کی جرابوں پر صحابہ کرام مسح کیا کرتے تھے
چونکہ راوی صرف مسح جوربین نقل کرتے ہیں اور
اکثر ان میں سے جوربین کی وضاحت نہیں کرتے اور
یہ بات معلوم ہے کہ فعل مثبت کا عموم نہیں ہوتا۔

ولا یدری ایضاً ان الصحابۃ الماسحین علی الجوربین
کانوا قائلین بجواز المسح علی کل نوع من انواع
الجورب او علی بعض دون بعض

ولا یدری ایضاً انھم کانوا قائلین بجواز المسح علی
الجوربین مع النعلین او کانوا قائلین بجواز
الاقتصار علی مسح الجوربین والظاھر من فعل

نیز یہ بھی معلوم نہیں کہ جرابوں پر مسح کرنے والے
صحابہ کرام ہر قسم کی جرابوں پر مسح کے قائل تھے یا
بعض کے قائل تھے۔

نیز یہ بھی معلوم نہیں کہ کیا جوتوں کے ساتھ جرابوں
پر مسح کے قائل تھے یا صرف جرابوں پر ہی کفایت
کئے ہوئے تھے۔ ابو مسعود انصاریؓ، علیؓ اور براءؓ بن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَبِی مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ وَعَلِیٍّ وَالْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ اَنَّہُمْ کَانُوْا یَمْسَحُوْنَ عَلَی الْجَوْرَبَیْنِ مَعَ النَّعْلَیْنِ. فَمَا لَمْ یَتَحَقَّقْ ھٰذِہِ الْاُمُوْرُ وَلَمْ یَتَبَیَّنْ کَیْفَ یَصِحُّ الْاِسْتِدْلَالُ بِاَفْعَالِہِمْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ عَلٰی جَوَازِ الْمَسْحِ عَلٰی کُلِّ نَوْعٍ مِّنْ اَنْوَاعِ الْجَوْرَبِ اَوْ عَلٰی نَوْعٍ مُّعَیَّنٍ مِّنْہَا۔

عازب ان کے افعال سے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ جوتوں کے ساتھ جرابوں پر مسح کیا کرتے تھے۔ جب تک یہ بات واضح نہ ہو جائے کہ کیا ہر قسم کی جرابوں پر مسح جائز قرار دیتے تھے یا نوع مخصوص تھی تو استدلال صحیح نہیں واللہ اعلم وعلم اللہ اتم

(فتاویٰ نذیریہ جلد اول)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ کَتَبَہٗ محمد عبدالرحمٰن
المبارکفوری عفا اللہ عنہ

سید محمد نذیر حسین رح

علم کسی کا ورثہ نہیں

علم جو ہوتا ہے وہ کسی کا ورثہ نہیں ہوتا۔ ہاں جس کے پاس علم ہو تو بیان کرنے کا اس کو حق پہنچتا ہے۔ اگر حق بیان کرے گا تو باطل کا سر توڑے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُہٗ فَاِذَا ھُوَ زَاھِقٌ۔ (پ ۱۷، الانبیاء ۱۸)

ہم حق کو پھینکتے ہیں اوپر باطل کے پس سر توڑتا ہے۔ اس کا تو وہ فنا ہو جاتا ہے۔

حق و باطل کی پہچان وہ کرتا ہے جس کے پاس علم ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝ (پ ۱۳۔ یوسف ۷۶)

ہر ایک عالم کے اوپر ایک علم والا (جاننے والا) ہوتا ہے۔

یعنی وہ اپنے علم کو ظاہر کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم مان کر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماقولكم ادام الله تعالى فيوضكم في المسح على الجوربة الشائعة في الامصار المنسوجة من الغزل او الصوف غير منعلة ولا ثخينة ومعلوم ان الحديث المروي في الباب عن النبي صلى الله عليه وسلم ضعيف وتحسين الترمذي وتصحيحه اياه لم يقبله الحفاظ كما هو مبسوط في تخريج الهداية للزيلعي وان قيس المسح عليهما على مسح الخفين لعلة الستر ودفع الحرج فهل يكفي مع كونه ظنيا في إسقاط الغسل المفروض بالقرآن المتواتر وهل يزاد على العلتين بكون الجوربين في حكم الخفين صفة الثخانة وعدم نفوذ الماء كما قيدها الائمة و الاصل في باب الرجلين الغسل الثابت بالتنزيل والمسح على الخفين رخصة فهل الرخص الشرعية موقوفة على بيان الشارع صلى الله عليه وسلم ام لا وليكن الجواب مفصلا مع ماله وما عليه فقط۔

سوال: ان جرابوں پر مسح کرنے کے بارہ میں جو سوتی یا اونی عموماً شہروں میں بکتی ہیں نہ انہیں چمڑا لگا ہوتا ہے اور نہ ہی موٹی ہوتی ہیں۔ آپ کا کیا فرمان ہے؟ نیز آپ کو معلوم ہے کہ اس مسئلہ میں آنحضرت ﷺ سے جو روایات مروی ہیں وہ سب ضعیف ہیں۔ امام ترمذیؒ کا ان کو حسن یا صحیح کہہ دینا حفاظِ حدیث کے نزدیک قابل قبول نہیں ہے۔ جیسا کہ تخریج ہدایہ للزیلعی میں وضاحت سے مذکور ہے۔ اگر پردہ پوشی اور دفع حرج کی علت جامع کو مدنظر رکھتے ہوئے مسح خفین پر قیاس کیا جائے تو عضو کا فرضی طور پر دھونا جو قرآن متواتر سے ثابت ہے کیا ظنی دلیل سے ساقط ہو سکتا ہے؟ نیز کیا ثخانت اور پانی کا نہ سرائت کر جانا مزید براں دو علتوں کی وجہ سے (جیسا کہ ائمہ کرام سے مذکور ہے) موزوں کا حکم جرابوں پر لگایا جا سکتا ہے جبکہ قدموں کے لیے اصل حکم دھونا ہے جو قرآن مجید سے ثابت ہے اور موزوں پر مسح رخصت ہے۔ کیا شرعی رخصتیں شارع کے بیان پر موقوف ہیں یا نہیں؟ اصل مسئلہ کو من وعن تفصیلاً ذکر فرمایئے۔

فقط والسلام

الجواب المسح على الجوربة المذكورة ليس بجائز لانه لم يقم على جوازه دليل وكل ما تمسك به المجوزون ففيه خدشة ظاهرة ومتمسكاتهم ثلث الحديث المرفوع وافعال الصحابة رضي الله عنهم والقياس۔

جواب:۔ مذکورہ بالا جرابوں پر مسح جائز نہیں۔ اس کے جواز پر کوئی دلیل قوی نہیں ہے سب وہ دلائل جن پر مجوزین نے انحصار رکھا ہے ان میں واضح خدشہ ہے۔ ان کے دلائل تین مرفوع حدیثیں، افعال صحابہؓ کرام اور قیاس۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أما الحديث المرفوع فهو ما رواه
الترمذي وغيره عن المغيرة بن شعبة قال توضأ
النبي صلى الله عليه وسلم ومسح على الجوربين
والنعلين قال الترمذي هذا حديث حسن صحيح
وأما الخدشة في الاستدلال به فهي أن
هذا الحديث ضعيف لا يصح الاستدلال به
قال أبو داود بعد روايته كان عبد الرحمن
ابن المهدي لا يحدث بهذا الحديث لأن المعروف
عن المغيرة أن النبي صلى الله عليه وسلم
مسح على الخفين وروى هذا أيضا عن أبي موسى
الأشعري عن النبي صلى الله عليه وسلم مسح على
الجوربين وليس بالمتصل ولا بالقوي انتهى.
قال البيهقي في سننه إن أبا محمد يحيى
ابن منصور قال سمعت مسلم بن الحجاج ضعّف
هذا الخبر عن المغيرة فقالوا مسح على الخفين
وقال لا يترك ظاهر القرآن بمثل أبي قيس
وهذيل قال فذكرت هذه الحكاية عن مسلم
لأبي العباس محمد بن عبد الرحمن الدغولي
فسمعته يقول سمعت علي بن محمد بن شيبان
يقول سمعت أبا قدامة السرخسي يقول قال

مرفوع حدیث مغیرہ بن شعبہؓ سے امام ترمذی وغیرہ
روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے وضو کیا جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا۔ امام ترمذیؒ
فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اس میں خرابی یہ
ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اس سے۔ استدلال
صحیح نہیں ہے۔ امام ابوداؤد یہ روایت کرنے کے
بعد فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عبدالرحمان بن مہدی بیان
نہیں کیا کرتے تھے چونکہ مغیرہؓ بن شعبہؓ سے عام
معروف یہ ہے کہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے موزوں پر مسح کیا۔ اور یہ حدیث کہ نبی کریم صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے جرابوں پر مسح کیا" یہ ابوموسیٰ اشعری
سے بھی مروی ہے لیکن یہ متصل اور قوی نہیں۔ انتہیٰ
بیہقی سنن میں فرماتے ہیں کہ ابومحمد یحییٰ بن منصور
فرماتے ہیں کہ میں نے مسلم بن حجاج قشیری سے مشافہۃً
سنا کہ وہ مغیرہ بن شعبہؓ کی اس روایت کو ضعیف قرار
دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ عام رواۃ سے یہ منقول
ہے کہ "آپ نے موزوں پر مسح کیا" اور فرماتے تھے
کہ ابوقیس اور ہذیل جیسے راویوں کی روایت سے
ظاہر قرآن کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔ ابومحمد یحییٰ بن منصورؒ
فرماتے ہیں کہ امام مسلم کی یہ بات میں نے ابوالعباس

لـه عن المغيرة بن شعبة قال توضأ
النبي صلى الله عليه وسلم ومسح
على الجوربين والنعلين.
الترمذي.

"مغیرہ بن شعبہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے
وقت اپنی جرابوں پر مسح کیا اور جوتیوں پر
(بھی)۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قُلْتُ لِسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ لَوْ حَدَّثْتَنِيْ بِحَدِيْثِ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ هُذَيْلٍ مَا قَبِلْتُهُ مِنْكَ فَقَالَ سُفْيَانُ اَلْحَدِيْثُ ضَعِيْفٌ ۔

محمد بن عبدالرحمان دغولی کے لیے ذکر کی وہ فرمانے لگے کہ میں نے علی بن محمد بن شیبان سے سنا تھا وہ فرمارہے تھے کہ میں نے ابوقدامہ سرخسی سے سنا تھا کہ وہ فرمانے تھے کہ عبدالرحمان بن مہدی کہنے لگے کہ سفیان ثوری کو میں نے کہا کہ اگر آپ مجھے ابوقیس عن ہذیل کی احادیث بیان کریں گے تو میں قبول نہیں کروں گا تو سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔

ثُمَّ اَسْنَدَ الْبَيْهَقِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ لَيْسَ يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ اِلَّا مِنْ رِوَايَةِ اَبِيْ قَيْسٍ الْاَوْدِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ مَهْدِيٍّ اِنْ يُّحَدِّثْ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالَ هُوَ مُنْكَرٌ ۔

امام بیہقیؒ احمد بن حنبل سے مسند بیان فرماتے ہیں کہ روایت صرف ابوقیس اور ابوعبدالرحمان بن مہدی سے ہی مروی ہے۔ اور امام احمد بن حنبل اگر یہ حدیث بیان بھی فرماتے تو کہتے کہ "یہ منکر ہے"۔

وَاَسْنَدَ الْبَيْهَقِيُّ اَيْضًا عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ حَدِيْثُ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ فِي الْمَسْحِ رَوَاهُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ وَاَهْلُ الْكُوْفَةِ وَاَهْلُ الْبَصْرَةِ وَرَوَاهُ هُذَيْلٌ مِنْ شُرَحْبِيْلَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ فَخَالَفَ النَّاسَ ۔

امام بیہقیؒ علی بن مدینی سے بھی مسند ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مغیرہ بن شعبہؓ کی حدیث مسح موزوں کے متعلق اہل مدینہ، اہل کوفہ اور اہل بصرہ سب مغیرہ بن شعبہؓ سے بیان فرماتے ہیں مگر ہذیل عن شرحبیل عن المغیرہ مسح علی الجوربین بیان فرماتے ہیں اور یہ باقی سب لوگوں کے مخالف ذکر کرتے ہیں۔

وَاَسْنَدَ اَيْضًا عَنْ يَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ قَالَ النَّاسُ كُلُّهُمْ يَرْوُوْنَهُ عَلَى الْخُفَّيْنِ غَيْرَ اَبِيْ قَيْسٍ . انْتَهٰى

امام بیہقیؒ یحییٰ بن معینؒ سے بھی مسند ذکر کرتے ہیں کہ "ابوقیس کے علاوہ باقی سب نے (علی الخفین) یعنی موزوں پر مسح کا ذکر کیا ہے۔ انتہی

وَقَالَ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَعْرِفَةِ وَاَمَّا الْمَسْحُ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ فَقَدْ

امام بیہقی اپنی کتاب "المعرفۃ" میں ذکر کرتے ہیں کہ جرابوں اور جوتوں پر مسح کرنا ابوقیس اودی عن ہذیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَوَى اَبُوْ قَيْسٍ الْاَوْدِيُّ عَنْ هُذَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلٰى جَوْرَبَيْهِ وَنَعْلَيْهِ وَذَالِكَ حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ ضَعَّفَهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَيَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَمُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَالْمَعْرُوْفُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ حَدِيْثُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَرُوِيَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الصَّحَابَةِ اَنَّهُمْ فَعَلُوْهُ انْتَهٰى۔

ابو قیس اودی ہذیل بن شرحبیل عن المغیرہ بن شعبہ جو بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا ہے۔ یہ حدیث منکر ہے۔ سفیان ثوری، عبدالرحمان بن مہدی، احمد بن حنبل، یحییٰ بن معین، علی بن المدینی اور مسلم بن حجاج قشیری رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔ مغیرہ بن شعبہ سے روایت معروف موزوں پر مسح کی ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت سے مروی ہے کہ وہ موزوں پر مسح کرتے رہے۔ انتہیٰ

فَاِنْ قُلْتَ قَدْ اَجَابَ عَنْ هٰذِهِ الْخَدْشَةِ الشَّيْخُ الْاِمَامُ تَقِيُّ الدِّيْنِ ابْنُ دَقِيْقِ الْعِيْدِ بِقَوْلِهِ وَمَنْ يُصَحِّحُهُ يَعْتَمِدُ بَعْدَ تَعْدِيْلِ اَبِيْ قَيْسٍ عَلٰى كَوْنِهِ لَيْسَ مُخَالِفًا لِرِوَايَةِ الْجُمْهُوْرِ مُخَالَفَةً مُعَارَضَةً بَلْ هُوَ اَمْرٌ زَائِدٌ عَلٰى مَا رَوَوْهُ وَلَا يُعَارِضُهُ وَلَا سِيَّمَا وَهُوَ طَرِيْقٌ مُسْتَقِلٌّ بِرِوَايَةِ هُذَيْلٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ لَمْ يُشَارِكِ الْمَشْهُوْرَاتِ فِيْ سَنَدِهَا۔

اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ تقی الدین ابن دقیق العید رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ جو لوگ مسح جوربین کو صحیح قرار دیتے ہیں وہ ابی قیس کی تعدیل بیان کرنے کے بعد ذکر کرتے ہیں کہ ابوقیس کی روایت متعارضاً مخالف نہیں یہ دوسری روایت ہے اور ایک زائد حکم ہے پہلے کے متعارض نہیں جبکہ یہ ہذیل عن شعبہ ایک مستقل سند ہے۔ مسح علے الخفین کی مشہور روایات کی سند میں یہ شریک نہیں ہیں۔

قُلْتُ قَدْ ظَهَرَ لَكَ مِمَّا تَقَدَّمَ اَنَّ كُلَّ مَنْ رَوٰى حَدِيْثَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ فِي الْمَسْحِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَاَهْلِ الْبَصْرَةِ رَوَاهُ بِلَفْظِ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ اِلَّا هُذَيْلَ بْنَ شُرَحْبِيْلَ فَاِنَّهُ رَوٰى بِلَفْظِ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ

تو اس کے جواب میں یہ کہہ دوں گا کہ پہلے مضمون سے یہ واضح ہو چکا ہے کہ مسح خفین کی روایت میں مغیرہ بن شعبہؓ سے اہل مدینہ، اہل کوفہ اور اہل بصرہ سب مسح علے الخفین یعنی موزوں پر مسح کیا ذکر فرماتے ہیں مگر ہذیل بن شرحبیل مسح علے الجوربین والنعلین یعنی جرابوں اور جوتوں پر مسح ذکر کرتے ہیں۔

وہ سب راویوں کے مخالف ذکر کرتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَخَالَفَ النَّاسَ كُلَّهُمْ وَلَا شَكَّ اَنَّ رِوَايَةَ هٰذِهٖ مُعَارِضَةٌ وَنَافِيَةٌ لِمَا رَوَوْهُ لِاَنَّهٗ يَثْبُتُ مِنْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ دُوْنَ الْخُفَّيْنِ وَيَثْبُتُ مِنْ رِوَايَتِهِمْ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ دُوْنَ الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ فَكَيْفَ يَصِحُّ قَوْلُ ابْنِ دَقِيْقِ الْعِيْدِ اِنَّ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ لَيْسَتْ مُخَالِفَةً لِرِوَايَةِ الْجُمْهُوْرِ مُخَالَفَةً مُعَارِضَةً وَاَمَّا قَوْلُهٗ بَلْ هُوَ اَمْرٌ زَائِدٌ عَلٰى مَا رَوَوْهُ وَلَا يُعَارِضُهٗ فَهٰذَا اَيْضًا لَيْسَ بِمُسْتَقِيْمٍ لِاَنَّهُمْ رَوَوْهُ بِلَفْظِ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَلَمْ يَزِدْ هُذَيْلُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ عَلٰى هٰذَا اللَّفْظِ لَفْظَ وَالْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّهٗ رَوٰى اَمْرًا زَائِدًا عَلٰى مَا رَوَوْهُ بَلْ رَوٰى مَكَانَ لَفْظِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لَفْظَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ فَتَفَكَّرْ عَلٰى اَنَّهٗ قَدِ اتُّفِقَ عَلٰى تَضْعِيْفِ رِوَايَةِ هُذَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ مِثْلَ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ مَهْدِيٍّ وَابْنِ مَعِيْنٍ وَاَحْمَدَ وَابْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَمُسْلِمٍ وَاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ فَبَعْدَ اتِّفَاقِ هٰؤُلَاءِ الْاَجِلَّةِ لَا يُجْدِيْ مَا قَالَهُ ابْنُ دَقِيْقِ الْعِيْدِ نَفْعًا۔

وَاَمَّا تَحْسِيْنُ التِّرْمِذِيِّ وَتَصْحِيْحُهٗ فَقَالَ النَّوَوِيُّ عَلٰى مَا فِيْ فَتْحِ الْقَدِيْرِ (كُلٌّ

اور بلاشک یہ دوسری روایات کے متعارض اور منافی ہے کیونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت نے جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا موزوں پر نہیں اور دوسری روایات سے ثابت ہوتا ہے آنحضرت نے موزوں پر مسح کیا جرابوں اور جوتوں پر نہیں تو ابن دقیق العید کی یہ بات کیسے درست ہو سکتی ہے کہ جرابوں اور جوتوں کی روایت موزوں پر مسح کرنے کی جمہور راویوں کی روایات سے مخالف اور متعارض نہیں۔ ابن دقیق العید کا یہ کہہ دینا کہ جرابوں اور جوتوں پر مسح کرنے کی روایات موزوں پر مسح کرنے سے ایک دوسرا اور زائد حکم ہے یہ بھی درست نہیں کیونکہ جمہور کے الفاظ ہیں کہ مسح علی الخفین، یعنی موزوں پر مسح کیا اور ہذیل نے ان الفاظ پر زیادتی نہیں کی کہ مسح علی الخفین کے بعد الجوربین اور النعلین کے الفاظ بڑھا دیئے کہ کہا جاسکے کہ یہ ایک دوسرا اور زائد حکم ہے بلکہ "علی الخفین" کی جگہ پر ہی انہوں نے علی الجوربین والنعلین کو ذکر کیا۔ (ذرا اس میں تدبر کیجئے) چہ جائے جبکہ ہذیل بن شرحبیل کی روایت کو سفیان ثوری، ابن مہدی، ابن معین، احمد بن حنبل، ابن المدینی، امام مسلم، ابوداؤد اور امام نسائی جیسے جلیل القدر محدثین نے بالاتفاق ضعیف قرار دیا ہو اور اس کے بعد ابن دقیق العید کا مذکورہ قول کا ذکر کر دینا باعث منفعت نہیں ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ کا حسن صحیح قرار دینا امام نوویؒ اس کے متعلق فرماتے ہیں جیسا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْهُمْ مَنْ دُوْنِ مِنْ هٰؤُلَآءِ الْاَجِلَّةِ لَوْ انْفَرَدَ فَدُم عَلَى التِّرْمِذِيِّ مَعَ اَنَّ الْجَرْحَ مُقَدَّمٌ عَلَى التَّعْدِيْلِ اِنْتَهٰى۔

فتح القدیر میں مذکور ہے۔ دیکھئے اگر ان جلیل القدر محدثین میں سے مسح علی الجوربین والنعلین کی روایت کو کمزور قرار دینے میں تنہا ایک بھی ہو تو پھر بھی امام ترمذیؒ کی بات پر اسے ترجیح ہوگی نیز جرح تعدیل پر مقدم بھی ہوتی ہے انتہیٰ

(فتاویٰ نذیریہ جلد اوّل)

نوٹ: امام نوویؒ فرماتے ہیں:

اتفق الحفاظ علی تضعیفه ولا یقبل قول الترمذی انه حسن صحیح

(تحفۃ الاحوذی ص ۱۰۱ ج ۱)

تمام حفاظ اس حدیث کے ضعیف ہونے پر متفق ہیں۔ امام ترمذی کا اسے حسن صحیح کہنا قابل قبول نہیں۔

اگر قرآن اور حدیث سے کوئی مسئلہ معلوم نہ ہوسکے

تو ایسا شخص اللہ تعالیٰ کے حکم فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (ترجمہ) اگر کوئی بات تمہیں معلوم نہ ہو تو وہ اہل علم سے پوچھ لو کے مطابق کسی محدث، مجتہد، فقیہ، قاضی، مفتی یا مولوی سے پوچھ کر عمل کرے، اور ان کی بات مانے مگر ساتھ ہی مسئلے کی تحقیق کی فکر میں رہے اگر بعد میں وہ فتویٰ قرآن وحدیث کے خلاف ثابت ہو تو اسے اسی وقت ترک کردے اور قرآن وحدیث کے مطابق عمل کرنے لگ جائے۔ کیونکہ تقلید کرنا حرام اور شرک ہے اس لیے کہ تقلید کے معنی یہ ہیں کہ بغیر دلیل کے کسی کے حکم کو مان لینا اور یہ دریافت نہ کرنا کہ آیا یہ حکم خدا اور اس کے پیغمبرؐ کی طرف سے بھی ہے یا نہیں ہے، سو جو لوگ بغیر دلیل کے اپنے علماء اور مشائخ اور ائمہ کے اقوال کو حجت مانتے ہیں اور اس کی تحقیق نہیں کرتے گویا وہ ان علماء اور مشائخ اور اماموں کو صاحب شریعت مانتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مرضی اور اس کے حکم کے صریح خلاف عمل کرتے ہیں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ۔ یعنی حکم کسی کا نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمات کے فیصلہ کرنے کا طریق کار

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَنَّ الْخَصْمَيْنِ يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَاكِمِ" رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مدعی اور مدعا علیہ دونوں کا حاکم کے سامنے موجود ہونا ضروری ہے۔

بروائت ابو داؤد، حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا تَقَاضٰى اِلَيْكَ رَجُلَانِ فَلَا تَقْضِ لِلْاَوَّلِ حَتّٰى تَسْمَعَ كَلَامَ الْاٰخَرِ فَسَوْفَ تَدْرِيْ كَيْفَ تَقْضِيْ" قَالَ عَلِيٌّ: فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا بَعْدُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَقَوَّاهُ ابْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دو شخص تم کو اپنے درمیان میں قاضی بنالیں تو اس وقت تک کوئی فیصلہ نہ کرو جب تک دونوں کی گفتگو نہ سن لو۔ کیوں کہ اس سے تم کو اپنے فیصلے کے لیے راستہ مل جائے گا۔ حضرت علیؓ نے فرمایا اس دن سے میں اسی طرح فیصلہ کرتا ہوں، بروایت امام احمد و ابوداؤد و ترمذی بسند حسن۔ ابن مدینی نے حدیث کو قوی بتلایا ہے اور ابن حبان نے حدیث کو صحیح کہا ہے۔

دنیا میں فیصلہ کروا لینا بہتر ہے۔

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَرْضٍ غَرَسَ اَحَدُهُمَا فِيْهَا نَخْلًا وَالْاَرْضُ لِلْاٰخَرِ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَرْضِ لِصَاحِبِهَا وَاَمَرَ صَاحِبَ النَّخْلِ اَنْ يُّخْرِجَ نَخْلَهُ وَقَالَ "لَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ" رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَاِسْنَادُهُ حَسَنٌ۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابیؓ کا بیان ہے حضور انورؐ کی خدمت میں دو شخص اپنا مقدمہ لے کر آئے ان میں سے ایک شخص نے دوسرے کی زمین میں کھجور کے درخت لگا لیے تھے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا کہ زمین زمین والے کی ہے، اور درخت لگانے والا اپنے درخت وہاں سے اکھاڑ لے۔ ظالم کا کوئی حق نہیں ہوا کرتا۔ بروایت ابوداؤد بسند حسن۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ فَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيَ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَطَعْتُ لَهٗ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ" مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے جھگڑے میرے پاس لے کر آتے ہو اور تم میں سے بعض اپنے دلائل بڑی خوبی سے بیان کرتا ہے اگر میں اس کے دلائل کی خوبی کی بنا پر اس کے حق میں فیصلہ کر دوں۔ (لیکن وہ صحیح نہ ہو) تو تم کو چاہیے کہ اپنے دوسرے بھائی کا حق (میرے فیصلہ کی وجہ سے) ہرگز نہ لو۔ کیونکہ یہ آگ کا ٹکڑا ہوتا ہے جو میرے فیصلہ سے اس کو ملتا ہے۔ بروایت بخاری و مسلم۔

قاضی کا فرض ہے کہ مظلوم کو انصاف مہیا کرے

وَعَنْ اَبِيْ مَرْيَمَ الْاَزْدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِنْ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاحْتَجَبَ عَنْ حَاجَتِهِمْ وَفَقْرِهِمْ اِحْتَجَبَ اللّٰهُ دُوْنَ حَاجَتِهٖ" اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ۔

حضرت ابو مریم ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا حاکم بنا دے اور وہ لوگوں کی حاجت روائی نہ کرے (لوگ اس تک نہ پہنچ سکیں) غریبوں کی امداد نہ کرے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاجت روائی نہ فرمائیں گے۔ بروایت ابوداؤد و ترمذی

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "كَيْفَ تُقَدَّسُ اُمَّةٌ لَا يُؤْخَذُ مِنْ شَدِيْدِهِمْ لِضَعِيْفِهِمْ" رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ امت کس طرح پاک ہو سکتی ہے جس میں قوی سے ضعیف کا حق نہ دلوایا جا سکے۔ بروایت ابن حبان۔

حق کے ساتھ فیصلہ کرنے والا قاضی جنتی اور ظالم دوزخی ہے۔

عَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ: اِثْنَانِ فِي النَّارِ وَوَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ رَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضٰى بِهٖ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَلَمْ يَقْضِ بِهٖ وَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ لَمْ يَعْرِفِ الْحَقَّ فَقَضٰى

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قاضی تین قسم کے ہیں ان میں سے دو ناری ہیں اور ایک جنتی ہے۔ جس نے حق کو پہچانا اور حق کا فیصلہ کیا وہ جنتی ہے اور جس نے حق کو پہچان لیا لیکن حق کے ساتھ فیصلہ نہ کیا بلکہ ظلم کیا وہ دوزخی ہے اور جس نے نہ حق کو پہچانا نہ حق کے ساتھ فیصلہ کیا بلکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلنَّاسِ عَلٰی جَهْلٍ فَهُوَ فِی النَّارِ۔

رواہ ابو داؤد و ابن ماجۃ

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ فِی الْحُكْمِ" رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْاَرْبَعَةُ وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ۔

جہالت کے ساتھ فیصلہ کیا وہ بھی دوزخی ہے۔

بروایت ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کرنے پر رشوت لینے اور دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ بروایت امام احمد و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے اور ابن حبان نے صحیح کہا ہے۔

قاضی کا اجتہاد اگر غلط ہے تو پھر بھی ایک اجر سے محروم نہیں

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ "اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ" مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔

وَعَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ "لَا یَحْكُمُ اَحَدٌ بَیْنَ اثْنَیْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ" مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جب کوئی حاکم فیصلہ سنانے سے قبل طلب حقیقت کی کوشش کرکے حق کا فیصلہ کرتا ہے اور وہ صحیح بھی ہوتا ہے تو ایسے حاکم کو دو گنا اجر ملتا ہے لیکن اگر وہ فیصلہ صحیح نہیں ہوتا تو اس کو صرف ایک اجر ملتا ہے۔ بروایت بخاری و مسلم۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص غصہ کی حالت میں (دو آدمیوں کے درمیان) فیصلہ نہ کرے۔

بروایت بخاری و مسلم۔

دنیا میں فیصلہ ہونا چاہیئے:

www.KitaboSunnat.com

خالق کائنات کا فرمان ہے کہ:

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللهَ نِعِمَّا یَعِظُكُمْ بِهٖ اِنَّ اللهَ كَانَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا ○ (پ۵ نساء آیت ۵۸)

اور جب فیصلہ کرنے لگو لوگوں میں تو فیصلہ کرو انصاف سے۔ اللہ تعالیٰ اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو۔ بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ فیصلے عدل کے ساتھ کرو حاکموں کو احکم الحاکمین کا حکم ہو رہا ہے، کہ کسی حالت میں عدل کا دامن نہ چھوڑو۔ حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ حاکم کے ساتھ ہوتا ہے جب تک کہ وہ ظلم نہ کرے۔ جب ظلم کرتا ہے تو اُسے اسی کی طرف سونپ دیتا ہے۔ ایک اثر میں ہے، ایک دن کا عدل چالیس سال کی عبادت کے برابر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اور جگہ فرمان باری تعالیٰ ہے:

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؗ (پ۶، سورہ مائدہ، آیت ۸)	کسی قوم کی عداوت تمہیں خلافِ عدل پر آمادہ نہ کر دے، عدل کرتے رہو۔ یہی تقوے کی شان کے قریب تر ہے۔

حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کو جب رسولِ کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر والوں کے کھیتوں اور باغوں کا اندازہ کرنے کو بھیجا تو انھوں نے آپؓ کو رشوت دینی چاہی کہ آپؓ مقدار کم بتائیں تو آپؓ نے فرمایا سنو! خدا کی قسم نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھے تمام مخلوق سے زیادہ عزیز ہیں۔ اور تم میرے نزدیک کتوں اور خنزیروں سے بدتر ہو۔ لیکن باوجود اس کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں آکر یا تمہاری عداوت کو سامنے رکھ کر ناممکن ہے کہ میں انصاف سے ہٹ جاؤں اور تم میں عدل نہ کروں۔ یہ سن کر وہ کہنے لگے، بس اسی لیے تو زمین و آسمان قائم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

منصف مقرر کرنے چاہئیں تاکہ فیصلہ کریں

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ○ (پ۵ النساء آیت ۳۵)	اگر تمہیں میاں بیوی کی آپس میں ان بن کا خوف ہو تو ایک منصف مرد والوں میں سے اور ایک عورت کی طرف والوں میں سے مقرر کرو اگر یہ دونوں صلح کرانا چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ دونوں میں ملاپ کرا دے گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ پورے علم والا پوری خبر والا ہے۔

کہ ایسی حالت میں حاکم ثقہ اور سمجھ دار شخص کو مقرر کرے جو یہ دیکھے کہ ظلم و زیادتی کس طرف سے ہے پس ظالم کو ظلم سے روکے۔

ارشادِ الٰہی ہے:۔

يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ (پ۷ سورۃ مائدہ)	یعنی فیصلہ کرنے کے لیے دو عادل مسلمان نامزد کیے جائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جناب ابوطاہر زبیر صاحب کے نام عبدالرشید انصاری کا خط

محترم جناب ابوطاہر زبیر صاحب ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

۱۔ عرض ہے کہ بندہ ۱۹۵۷ء سے جرابوں پر مسح کرتا رہا۔ ۱۹۸۰ء میں بندہ سیالکوٹ سے گوجرانوالہ منتقل ہوا، سرفراز کالونی جی۔ٹی۔روڈ۔ مولوی منور صاحب نے کہا کہ آپ لوگ جرابوں پر مسح کرتے ہیں۔ کیا آپ نے اس کے متعلق تحقیق کی ہے اور یہ بھی کہا کہ فتاویٰ نذیریہ میں لکھا ہے کہ اونی، سوتی جرابوں پر مسح جائز نہیں ہے۔

۲۔ اب سوال یہ ہے کہ آپ نے ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور ۲۶ فروری ۱۹۸۸ء میں جرابوں پر مسح جائز ہے مضمون شائع کروایا تھا۔

بندہ نے آپ سے تحریری بات کی تھی جو کہ کتاب کی شکل میں شائع ہوئی۔ آپ نے ۱۲ علماء کرام کے نام لکھے تھے۔

بندہ نے ان علماء کرام کو بذریعہ رجسٹری ۵ اپریل ۱۹۸۸ء کو اطلاع دی تھی مگر انھوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

۳۔ بندہ نے مولوی منور صاحب کو کہا کہ آپ اپنے مسلک کے علماء کرام کے نام دیں تاکہ بندہ ان سے فیصلہ لے۔

مولوی منور صاحب نے ۱۲ علماء کرام کے نام لکھوائے۔ بندہ نے ایک کتاب "جرابوں پر مسح" اور دو صفحات ۵ ستمبر ۱۹۸۹ء کو رجسٹریاں کی تھیں مگر انھوں نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

۴۔ دو صفحات اور ایک کتاب "جرابوں پر مسح" جو علماء کرام کو ۵ ستمبر ۱۹۸۹ء کو رجسٹری کی تھیں وہ آپ کو بھی ارسال کر رہے ہیں تاکہ آپ کو معلوم ہو سکے کہ انھوں نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

۵۔ اب آپ سے گزارش ہے کہ شیخ الکل سیّد میاں نذیر حسین محدّث دہلویؒ نے اپنے فتویٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں فرمایا ان لوگوں کے دلائل جو جائز کہتے ہیں :

ا۔ تین مرفوع احادیث، ۲۔ افعالِ صحابہ کرام ، ۳۔ اور قیاس ہے۔

۱ اب حضرات علماء کرام سے سوال یہ ہے کہ تین پیش کردہ احادیث ضعیف ہیں ، یا نہیں ؟

۲ افعالِ صحابہ کرامؓ سے استدلال۔ علماء کرام سے یہ سوال ہے : صحابہؓ کا فعل کس حدیث کی بنیاد پر ہے ؟ وہ کونسی حدیث (دلیل) ہے ؟

۳ قیاس : مسئلہ مطلوب کہ کتاب اللہ سے ثابت قدموں کا دھونا ہے، اور حدیث میں موزوں پر مسح کی رخصت ہے۔ اب یہ بتائیں کہ قیاس کس حدیث سے کیا ہے اور کیا قیاس پر عمل کرنا درست ہے ؟

مذکورہ بالا تین سوالوں کا جواب علیحدہ علیحدہ دیں تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو۔
اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جواب دیں۔ برائے جواب ایک لفافہ ارسال ہے۔
عبدالرشید انصاری، سرفراز کالونی، جی۔ ٹی۔ روڈ گوجرانوالہ ۸۹/۱۲/۱۱

جن ۲۴ علمائے کرام کے نام بھیجے گئے تھے ، مندرجہ ذیل ہیں :

۱۔ محمد صدیق صاحب سرگودھا	۲۔ بدیع الدین الراشدی سندھ
۳۔ محب اللہ شاہ الراشدی ، سندھ	۴۔ عبدالحمید ازہر ۔ راولپنڈی
۵۔ عبدالعزیز نورستانی ۔ پشاور	۶۔ حافظ عبداللہ صاحب بہاول پوری
۷۔ شیخ عبدالعزیز بن باز ۔ سعودی عرب	۸۔ شیخ مقبل بن ہادی ۔ یمن
۹۔ شیخ البانی ۔ اردن	۱۰۔ ارشاد الحق اثری ۔ فیصل آباد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

١١۔ عبدالسلام بھٹوی صاحب گوجرانوالہ

١٢۔ عبدالمنان صاحب۔ گوجرانوالہ

١٣۔ مولانا جمعہ خاں صاحب جامعہ محمدیہ جی۔ٹی۔ روڈ گوجرانوالہ

١٤۔ مولانا محمد طارق تابانی خطیب مسجد گنبد والی سرفراز کالونی۔ گوجرانوالہ

١٥۔ مولانا صاحبزادہ محمد داؤد خطیب مسجد تحفظ ختم نبوۃ سرفراز کالونی۔ گوجرانوالہ

١٦۔ سیّد مراتب علی شاہ قمر المدارس سرفراز کالونی جی۔ٹی۔ روڈ گوجرانوالہ

١٧۔ حافظ محمد انور صاحب جامعہ عربیہ نزد چونگی۔ جی۔ٹی۔ روڈ گوجرانوالہ

١٨۔ حافظ محمد ریاست صاحب خطیب جامع مسجد اسد کالونی کھیالی روڈ گوجرانوالہ

١٩۔ قاضی عطاء اللہ مہتمم جامعہ صدیقیہ چوک قاضیاں محلہ مجاہد پورہ گوجرانوالہ

٢٠۔ مولانا حافظ محمد اسلم صاحب خطیب جامع مسجد اصغر کالونی کچا امین آباد روڈ گوجرانوالہ

٢١۔ مولانا مفتی محمد نعیم اللہ مہتمم مدرسہ اشرف العلوم باغبانپورہ حافظ آباد روڈ۔ گوجرانوالہ

٢٢۔ مولانا مفتی محمد عیسیٰ خاں صاحب مدرسہ نصرۃ العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

٢٣۔ مفتی محمد عبید اللہ صاحب مہتمم جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور

٢٤۔ مفتی محمد رفیع عثمانی مہتمم دار العلوم۔ کراچی نمبر ١٤

عبدالرشید انصاری کا خط جو ١٢ علماء کرام کو بھیجا گیا

محترم جناب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

عرض ہے کہ ابو طاہر زبیر بن مجدّد علی زئی حضرو اٹک نے ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور ٢٦ فروری ١٩٨٨ء میں مضمون شائع کرایا۔ اس کا عنوان "جرابوں پر مسح جائز ہے"۔

لہٰذا ہماری عرض ہے کہ دونوں کی دلیلیں پڑھ کر ہمارا فیصلہ کریں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ط إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ ط إِنَّ اللّٰهَ

اور جب فیصلہ کرنے لگو لوگوں میں تو فیصلہ کرو انصاف سے۔ اللہ تعالیٰ اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو۔ بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَمِيعًا بَصِيرًا ○ (پ۵، النساء: آیت ۵۸) | والا ہے۔"

فیصلے عدل کے ساتھ کرو، حاکموں کو احکم الحاکمین کا حکم ہو رہا ہے کہ کسی حالت میں عدل کا دامن نہ چھوڑو۔ حدیث میں ہے: "اللہ تعالیٰ حاکم کے ساتھ ہوتا ہے جب تک کہ وہ ظلم نہ کرے جب ظلم کرتا ہے تو اسے اسی کی طرف سونپ دیتا ہے۔"

ایک اثر میں ہے "ایک دن کا عدل چالیس سال کی عبادت کے برابر ہے۔" (تفسیر ابن کثیر)

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُوا ۚ اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۔ (پ۶، سورہ مائدہ، آیت ۸)	کسی قوم کی عداوت تمھیں خلافِ عدل پر آمادہ نہ کردے۔ عدل کرتے رہو۔ یہی تقویٰ کی شان کے قریب ہے۔

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر والوں کے کھیتوں اور باغوں کا اندازہ کرنے کو بھیجا، تو انھوں نے آپؓ کو رشوت دینی چاہی کہ آپ مقدار کم بتائیں۔ تو آپؓ نے فرمایا! "سنو! خدا کی قسم نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھے تمام مخلوق سے زیادہ عزیز ہیں اور تم میرے نزدیک کتوں اور خنزیروں سے بدتر ہو لیکن باوجود اس کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں آکر یا تمھاری عداوت کو سامنے رکھ کر، ناممکن ہے کہ میں انصاف سے ہٹ جاؤں اور تم میں عدل نہ کروں۔" یہ سن کر وہ کہنے لگے: بس اسی لیے تو زمین و آسمان قائم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا ۚ إِن يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا خَبِيرًا ○ (پ۵، النساء، آیت ۳۵)	اگر تمھیں میاں بیوی کی آپس میں اَن بَن کا خوف ہو تو ایک منصف مرد والوں میں سے اور ایک عورت کی طرف سے دونوں میں سے مقرر کرو۔ اور اگر یہ دونوں صلح کرانا چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ دونوں میں ملاپ کرا دے گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ پورے علم والا اور پوری خبر والا ہے۔

ارشاد الٰہی ہے:

يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ	یعنی فیصلہ کرنے کے لیے دو عادل مسلمان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْكُمْ ۔ (پ ۷ ، سورۃ مائدہ) | نامزد کیے جائیں ۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ دو عادل نیک آدمیوں سے فیصلہ کرالیں ۔

نیز ارشاد ہے کہ :

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۔ (پ ۵ سورۃ النساء ، آیت ۱۰۵)	یقیناً ہم نے حق کے ساتھ تیری طرف کتاب نازل کی تاکہ لوگوں میں ایسی چیز کے ساتھ فیصلہ کریں جس سے اللہ تعالیٰ نے تجھ کو آشنا کیا ۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں :

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۔	اے ایمان والو ! قائم رہو انصاف پر گواہی دینے والے اللہ کے لیے اگرچہ نقصان ہو تمھارا ، یا ماں باپ کا ، یا قرابت والوں کا ، کوئی مالدار ہے یا محتاج ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا خیر خواہ تم سے زیادہ ہے سو تم پیروی نہ کرو دل کی خواہش کی انصاف کرنے میں ، اور اگر تم زبان ملو گے یا اعراض کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمھارے سب کاموں سے واقف ہے ۔

(پ ۵ ، سورۃ النساء ، آیت ۱۳۵)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى (پ ۲۳ ، ص آیت ۲۶)	پس فیصلہ کر درمیان لوگوں کے ساتھ حق کے اور مت پیروی کر خواہشِ نفس کی ۔

نوٹ : ہم آپ کو ایک کتاب رجسٹری کر رہے ہیں تاکہ آپ کو معلوم ہو سکے کہ ابوطاہر زبیر نے جو مضمون شائع کروایا تھا ، کیا لکھا تھا اور بندہ نے جو جواب دیا ، اور ابوطاہر زبیر نے اس کا جواب دیا ۔ تاکہ آپ دونوں کی عبارات پڑھ کر ہمارا فیصلہ کریں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر دیں ۔ آمین ثم آمین ۔ ایک لفافہ جواب کے لیے حاضر کیا گیا ہے ۔ والسلام

عبدالرشید انصاری سرفراز کالونی ، جی ۔ ٹی ۔ روڈ گوجرانوالہ ۔ مورخہ ۴/۹/۸۹

۸۹-۹-۵ کو ۱۲ علماء کرام کو اطلاع دی گئی ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جناب ابوطاہر زبیر بن مجدد علی زئی کا خط جو انھوں نے عبدالرشید انصاری کو انکے خط کے جواب میں ۸۹-۱۲-۱۵ کو بھیجا۔

محترمی و مکرمی عبدالرشید انصاری ، السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،
مجھے حیرت اور انتہائی افسوس ہے کہ جیّد و مستند علمار نے ہمارے درمیان فیصلہ کرنے سے اجتناب کیا ہے۔ اگر یہ عمل بغیر شرعی عذر کے ہے تو صحیح نہیں ہے۔

عبدالرشید انصاری کی طرف سے جواب

آپ نے ۱۲ علمار کے نام لکھے تھے۔ انھوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔
اور نہ ہی مولوی منور صاحب اپنے مسلک کے ۱۲ علمار کرام سے فیصلہ کروا سکے۔
اب اس بات کا جواب آپ نے دینا ہے کہ اصل مدعی کون ہے ؟ کہ جس کو حدیث پابند کرتی ہے : اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ۔
اب اس وقت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم موجود نہیں ہیں کہ آپؐ سے مسئلہ پوچھا جائے۔۔ ہاں قرآن و حدیث ہمارے پاس موجود ہے۔ ارشاد ربانی ہے :

فَاسْئَلُوْٓا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ٥ (پ ۱۴، سورہ النحل، آیت ۴۳)	سوال کرو ذکر کرنے والے (اہل علم) سے اگر تم نہیں جانتے۔

حدیث میں آتا ہے کہ :

اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ۔	علمار پیغمبروں کے وارث و جانشین ہیں۔

اور انبیاؑ کا ورثہ دینار اور درہم نہیں ہیں بلکہ ان کا ورثہ علم ہے جس کا وارث عالم کو بنایا گیا ہے۔
(کتاب العلم مشکوٰۃ شریف۔ احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

انسان دنیا میں مرے تو دلیل دیکھ کر مرے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

لِیَھْلِکَ مَنْ ھَلَکَ عَنْ بَیِّنَۃٍ وَّ	اور اس لیے کہ جو مرے وہ دلیل دیکھ کر مرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ط (پ ۱۰، سورة الانفال آیت ۴۲) — اور جو جیتا رہے وہ بھی دلیل دیکھ کر جیے۔

دنیا میں جو آدمی رہتا ہے اس کو تحقیق کرنے کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

فَتَبَيَّنُوْا۔ (پ ۲۶ الحجرات) — پس تحقیق کرو۔

عبد الرشید انصاری کی طرف سے ابو طاہر زبیر بن مجدد علی زئی کو خط

آپ نے ۲۶ فروری ۱۹۸۸ء کے ہفت روزہ الاعتصام لاہور میں مضمون شائع کروایا ہے کہ "جرابوں پر مسح جائز ہے۔" اس لیے آپ مدعی ہیں۔ فیصلہ کروانا آپ کا فرض بنتا ہے تاکہ بات واضح ہو جائے کیونکہ حدیث میں واضح ہے۔ اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي۔ مدعی کے ذمہ ہوتا ہے دلیل پیش کرنا۔ اگر دلیل پیش نہ کرے گا تو حدیث میں ہے:

عَنْ أَنَسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا لَا فَعَلَى الْبَادِي مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

حضرت انسؓ اور ابو ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر دو شخص ایک دوسرے کو برا کہیں تو اس برا کہنے کا گناہ اس شخص پر ہوگا جس نے پہل کی ہے وہ ظالم ہے اور دوسرا مظلوم جب تک کہ مظلوم حد سے آگے نہ بڑھے۔ (مسلم)

اگر وہ شخص ایسا نہیں تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے۔ حدیث میں ہے:

عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْمِي رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا يَرْمِيهِ بِالْكُفْرِ إِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ إِنْ لَّمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذٰلِكَ۔ رواه البخاري

حضرت ابو ذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص کسی شخص پر نہ تو فسق کی تہمت لگائے اور نہ کفر کی اس لیے کہ اگر وہ شخص ایسا نہیں ہے تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے۔ (بخاری)

www.KitaboSunnat.com

شیخ اعجاز الرحمن ایڈووکیٹ

۹، علامہ اقبال چیمبرز ڈسٹرکٹ کورٹس گوجرانوالہ کو ۲۵/۵/۹۰ کو اطلاع دی گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابوطاہر زبیر صاحب کی مندرجہ ذیل تحریر مورخہ ۲۸/۵/۹۰ کو بذریعہ ڈاک ملی۔

اس خالص مذہبی مسئلے (جس میں آپکے مؤکل نے اختلاف کیا ہے) کا حل اور فیصلہ صرف قرآن وحدیث و اجماع کو حجت تسلیم کرنے والے علماء ہی کر سکتے ہیں دوسرا کوئی نہیں۔

جواب

آپ نے ۱۲ علماء کرام کے نام لکھے تھے تاکہ وہ ثالث بن کر فیصلہ کریں۔ آپ کی تحریر اور جو تحریر فتاویٰ نذیریہ میں ہے

اب ہم آپ سے التماس کرتے ہیں کہ آپ کی تحریر اور ہماری تحریر، یہ دونوں تحریریں کسی عالم دین کے پاس بھیجیں اور فیصلہ کروائیں۔

اگر آپ یہ کام فی سبیل اللہ کر دیں تو بندہ آپ کا شکریہ ادا کرے گا۔ ہاں اگر کوئی عالم دین حق خدمت لے کر فیصلہ کرے تو بندہ مبلغ ۹۰۰/- روپے بھی دینے کے لیے تیار ہے۔

یہ صرف اس لیے ہے کہ ہماری اور آپکی تحریری گفتگو اختتام کو پہنچ جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ ۔ (پ۶، المائدہ) | یعنی فیصلہ کرنے کے لیے دو عادل مسلمان نامزد کیے جائیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ دو عادل نیک آدمیوں سے فیصلہ کروالیں۔ لہٰذا آپ فیصلہ کروالیں۔ بڑی مہربانی ہوگی۔ جوابی لفافہ حاضر خدمت ہے۔ ۳/۶/۹۰

۵/۶/۹۰ کو رپورٹ انکاری کی آئی ہے۔ اسکے بعد ۱۶/۶/۹۰ کو بھی رپورٹ انکاری کی آئی ہے۔ اسکے بعد پھر لفافے کے ذریعے نوٹس ارسال کیا گیا۔ ہماری بھیجی ہوئی تحریریں اسی لفافے کے ذریعے واپس آگئیں۔ ۳۰/۶/۹۰

ابوطاہر زبیر صاحب کو عبدالرشید انصاری کی طرف سے اطلاع

کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ

اور اگر دو فریق مسلمانوں کے آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو پھر اگر چڑھا چلا جائے ایک ان میں سے دوسرے پر تو تم سب لڑو اس چڑھائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ ۚ فَإِن فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا ۖ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ○ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ○

(پ ۲۶، سورۃ الحجرات۔ آیت ۹-۱۰)

والے سے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے اللہ کے حکم پر۔ پھر اگر وہ لوٹ آئے تو صلح کراؤ آپس میں عدل کے ساتھ اور انصاف کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ کو خوش آتے ہیں انصاف والے۔ مسلمان جو ہیں سو وہ بھائی ہیں سو صلح کرادو اپنے دو بھائیوں میں اور ڈرتے رہو اللہ سے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

اگر کوئی ظلم و زیادتی ہی پر کمر باندھ لے تو یکسو ہو کر نہ بیٹھ رہو۔ بلکہ جس کی زیادتی ہو سب مل کر اس سے لڑائی کرو۔ یہاں تک کہ وہ فریق مجبور ہو کر اپنی زیادتیوں سے باز آئے۔

اگر ہم سے زیادتی ہو گئی ہے تو اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے کے لیے تیار ہیں اور صلح کرنے کے لیے بھی۔

اب آپ بتائیں کہ آپ کی کیا مرضی ہے؟ جوابی لفافہ حاضر ہے۔

۱۲-۹-۹۰

اب تک کوئی جواب نہیں دیا۔

بندہ نے صلح کی طرف رجوع کیا

فرمانِ الٰہی ہے :۔

وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○

اور اگر صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی صلح کی طرف جھک جا اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر بے شک وہ سنتا جانتا ہے۔

(پ ۱۰، سورۃ الانفال آیت ۶۱)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا ہے کہ اگر تمہارے مخالف صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی صلح کے لیے جھک جا اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر بیشک وہ سنتا اور جانتا ہے۔ اس آیت میں صلح کے لیے جھکنے کا حکم کیا گیا ہے۔ جو نہ جھکے گا، اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم نہیں مانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا ابوالانعام محمد صفدر عثمانی صاحب کے نام جناب عبدالرشید انصاری صاحب کا پہلا خط

محترم جناب مولانا ابوالانعام محمد صفدر عثمانی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ‘ !

عرض ہے کہ بندہ نے آپ کا ”مضمون جرابوں پر مسح“ دیکھا۔ اس سے قبل ابوطاہر زبیر صاحب نے بھی مضمون شائع کروایا تھا۔ بحوالہ ہفت روزہ ”الاعتصام“ لاہور ۲۶ فروری ۱۹۸۸ء۔ بندہ نے اس سے تحریری گفتگو کی تھی۔

ابوطاہر زبیر صاحب نے ۱۲ علماء کرام کے نام لکھے تھے مگر انھوں نے بھی ہمارا فیصلہ نہیں کیا۔
مولوی منور صاحب نے بھی اپنے مسلک کے ۱۲ علماء کرام کے نام لکھے تھے مگر انھوں نے بھی ہمارا فیصلہ نہیں کیا۔

اب کہتے ہیں :

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ (پ۳، البقرہ، آخری آیت)

یعنی اللہ کسی جی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی طاقت پر۔

فیصلہ کروانے کی اب آپ کے پاس طاقت نہیں ہے تو پھر حجت قائم کرنے کے لیے مال کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے :

وَجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (پ۱۰۔ توبہ، آیت ۴۱)

اور جہاد کرو اپنے مالوں کے ساتھ اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں۔

غنا دل کی دولت مندی سے ہے

حدیث میں ہے :

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ غنا اسباب و سامان کی زیادتی پر نہیں ہے بلکہ غنیٰ دل کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دولت مندی سے ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوسری حدیث:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر آدمی کے پاس مال سے بھرے ہوئے دو جنگل ہوں تب بھی وہ تیسرے جنگل کو تلاش کرے گا اور آدمی کے پیٹ کو کوئی چیز نہیں بھرتی مگر مٹی، اور خدا تعالیٰ جس بندہ کی توبہ کو چاہے قبول کر لیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے زیادہ مال کی وجہ سے آدمی غنی نہیں ہوتا ہے، بلکہ غنی وہ ہے جس کا دل غنی ہے اگرچہ اس کے پاس مال کم ہی ہو۔

اب ہم

آپ سے، مولانا محمد یحییٰ گوندلوی صاحب، مولانا حافظ محمد عبدالرزاق صاحب اور مولانا محمد یحییٰ خلیق صاحب ناظم شعبہ نشر و اشاعت دارالعلوم رحمانیہ فاروق آباد سے گزارش کرتے ہیں کہ ہمارا اور ابوطاہر زبیر صاحب کا فیصلہ کریں۔

اس لیے کہ آپ لوگوں نے بھی مضمون "جرابوں پر مسح" شائع کیا ہے۔ لہٰذا ہم آپ حضرات کو وہ کاغذات اور کتاب رجسٹری کر رہے ہیں جو کہ علماء کرام کو بھی رجسٹری کی تھیں تاکہ آپ لوگ ساری بحث پڑھ کر فیصلہ کر سکیں۔ جواب کے لیے جوابی خط حاضر ہے۔

۲۱/۱/۹۰

دوسرا خط

محترم جناب مولانا محمد صفدر عثمانی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! عرض ہے کہ آپ کو ۲۱/۱/۹۰ کو ایک کتاب "جرابوں پر مسح" اور کچھ کاغذات پارسل کیے تھے۔ آپ لوگوں کو کہا گیا تھا کہ آپ ساری بحث پڑھ کر ہمارا اور ابوطاہر زبیر صاحب کا فیصلہ کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب وہی کاغذات دوبارہ آپ لوگوں کو پارسل کر رہے ہیں تاکہ آپ لوگ غور و فکر کر کے فیصلہ کریں۔ اس لیے کہ آپ لوگوں نے بھی مضمون شائع کیا ہے کہ جرابوں پر مسح جائز ہے۔

عبدالرشید انصاری سرفراز کالونی جی۔ ٹی۔ روڈ گوجرانوالہ ۱۰/۹/۳۰

مولانا محمد یحییٰ گوندلوی صاحب کی طرف سے ۹۰/۲۲ کو جواب آیا

مکرمی المحترم جناب انصاری صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ابھی ابھی آپ کا رجسٹری کیا ہوا مسودہ ملا۔ جس میں آپ نے فیصلہ طلب کیا ہے اور ساتھ ہی عثمانی صاحب کے مضمون کا حوالہ بلکہ مکمل فوٹوسٹیٹ ارسال فرمائی ہے۔ ویسے یہ تو تکلف تھا جبکہ رسالہ ترجمان السنّہ ہمارے ہاں موجود ہے۔

مولانا عثمانی صاحب گوجرانوالہ میں ہی تشریف رکھتے ہیں۔ آپ ان سے وہاں ہی رجوع فرما سکتے ہیں۔ آپ نے اکابر علماء سے فیصلہ طلب کیا تھا۔ تو اکابر علماء نے آپ کو جواب نہیں دیا تو میں ایسی جرأت کیسے کر سکتا ہوں۔ ہاں البتہ وقت ملنے پر آپ کی بھیجی ہوئی تحریرات پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جا سکتا ہے۔ ہم فیصلہ تو شاید نہ کر سکیں۔ یہ ضرور ہوگا کہ مسح علی الجوربین میں جو حق معلوم ہوگا ہم اسے ہی انشاء اللہ اپنائیں گے۔

کتاب "جرابوں پر مسح" بھیجنے پر شکریہ۔

آپ کے مرسلہ اشتہارات لگوا دیئے جائیں گے۔

میں آپ کی مساعی مجاہدانہ پر نہایت خوش ہوں کہ آپ نے جذبہ صداقت کے ساتھ مسئلہ کی گہرائی تک پہنچنے کی کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

فقط والسلام

محمد یحییٰ گوندلوی

مدرس دارالعلوم رحمانیہ و مدیر اعلیٰ اشاعۃ السنۃ لاری اڈا منڈی فاروق آباد ۹۰/۱/۲۲

۹۰/۲/۲۰ کو مولانا صفدر عثمانی صاحب جامع مسجد مسلم نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ سے بندہ نے کہا جو آپ نے مضمون شائع کیا ہے "جرابوں پر مسح جائز ہے" اس کے متعلق کیا کرنا ہے؟ جواب ملا کہ "اکابر علماء نے فیصلہ نہیں کیا"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جواب

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ۝ (پ۲، سورۂ بقرہ، آیت ۱۷۰)

ان سے جب کبھی کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اُتاری ہوئی کتاب کی تابعداری کرو تو جواب دیتے ہیں کہ ہم تو اس طریقے کی پیروی کریں گے جن پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا گو ان کے باپ دادے بے عقل اور گم کردہ راہ ہوں۔

کہا جاتا ہے کہ کتاب اللہ اور سنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو اور اپنی ضلالت وجہالت چھوڑ دو، تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اپنے بڑوں کی راہ لگے ہوئے ہیں۔ قرآن کہتا ہے کہ وہ فہم وہدایت سے غافل تھے۔ ابنِ کثیر۔

کسی بُرے کام پر اڑ نہیں جاتے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَلَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ (پ۴، سورۃ آلِ عمران آیت ۱۳۵)

اور وہ لوگ باوجود علم کے کسی بُرے کام پر اڑ نہیں جاتے۔

جو بوجہ نافرمانی برائی کر گزریں پھر جلد اس سے باز آجائیں اور توبہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللَّهِ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيبٍ فَأُولَٰئِكَ يَتُوبُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ (پ۴، سورۃ النساء آیت ۱۷)

اللہ تعالیٰ صرف ان ہی لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو بوجہ نافرمانی کوئی برائی کر گزریں پھر جلد اس سے باز آجائیں اور توبہ کریں تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ بڑے علم والا حکمت والا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو ناواقفیت کی وجہ سے کوئی بُرا کام کر بیٹھیں۔ ابن کثیر۔

اخبار نوائے وقت یا جنگ میں اعلان کریں کہ واقعی مجھ سے تحریر غلط شائع ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ (پ۲، البقرہ آیت ۱۶۰)

مگر جنھوں نے توبہ کی اور درست کر لیا اور کھول کر بیان کر دیا تو ان کے قصور میں معاف کرتا ہوں اور میں بہت معاف کرنے والا مہربان ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبدالرشید انصاری کی طرف سے حافظ عبدالرحمٰن مدنی کی خدمت میں خط

ا محترم جناب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! عرض ہے کہ بندہ کو قاری نعیم صاحب فیصل آبادی نے جو کہ جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ میں طالب علم ہیں انھوں نے مجھے کہا تھا جو کہ مندرجہ ذیل ہے:

ملتِ اسلامیہ کا علمی اور اصلاحی مجلّہ

ماہنامہ **محدّث** لاہور

مدیر اعلیٰ	مدیر معاون
حافظ عبدالرحمٰن مدنی	اکرام اللہ ساجد

جلد ۱۹ محرم الحرام صفر المظفر ۱۴۰۹ھ مطابق اگست ستمبر ۱۹۸۸ء عدد ۱، ۲

دین میں بدعات جاری کرنا حرام ہے۔ تحریر: شیخ ابوبکر الجزائری، ترجمہ مولانا سیف الرحمٰن الفلاح

محدث جلد ۱۹ عدد ۱، ۲ ۸۵ دین میں بدعات

عبادت میں بدعات

طہارت میں

۱۔ جرابوں پر مسح کا انکار کرنا۔ یہ ایک ایسی بدعت ہے جس سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے۔

ب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب

۱۔ عرض ہے کہ جناب نے "ماہنامہ محدّث" لاہور میں شائع کروایا ہے کہ:

۱۔ "جرابوں پر مسح کا انکار کرنا۔ یہ ایک ایسی بدعت ہے جس سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے۔"

لہٰذا التماس ہے کہ ہم آپ کو جرابوں پر مسح کے متعلق ایک رسالہ رجسٹری کر رہے ہیں، تاکہ آپ ساری بحث پڑھ کر اپنا فیصلہ روانہ کریں۔

۲۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ کے "ماہنامہ محدث" میں لکھا ہے کہ:

۱۔ "جرابوں پر مسح کا انکار کرنا۔ یہ ایک ایسی بدعت ہے جس سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے۔"

ہم آپ کو ایک کتاب "نجات المسلمین" رجسٹری کر رہے ہیں۔

ہم نے صلا پر نفاق کی دو قسمیں اعتقادی اور عملی۔ عملی فسق اور اعتقادی فسق لکھی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ نے یہ بتانا ہے کہ جس فسق سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے وہ کون سا فسق ہے؟ عملی فسق ہے یا اعتقادی؟ مذکورہ دو باتوں کا جواب علیحدہ علیحدہ دیں تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو۔ اس لیے آپ لوگوں نے مدرسہ رحمانیہ قائم کیا۔ ہم کو جواب دے کر اللہ تعالیٰ سے اجر لیں۔ آمین۔

جواب کے لیے ایک لفافہ حاضر کیا گیا۔ یہ خط ۱۲ $\frac{9}{88}$ کو بھیجا گیا۔ مگر آپ نے اب تک کوئی جواب نہیں دیا۔

۸۸/۱/۹ کو حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب کو اطلاع دی گئی

حدیث میں ہے:

وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔

جو شخص کسی مسلمان پر کفر کی تہمت لگائے اس کا گناہ بھی ایسا ہی ہے جیسا کہ اس کو قتل کیا۔

آپ نے شائع کروایا ہے:

ا۔ جرابوں پر مسح کا انکار کرنا۔ یہ ایک ایسی بدعت ہے جس سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے

اس کا فیصلہ کس نے کرنا ہے؟ کیا اُمراء نے کرنا ہے یا علماء کرام نے کرنا ہے؟

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ: اُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ (پ۵) یہ لفظ عام ہے دونوں اس سے مراد ہیں یعنی علماء، اُمراء۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جر و ثواب کے لیے جواب دیں۔ تاکہ دنیا میں ہی فیصلہ ہو جائے کیونکہ آخرت میں توبہ نہیں ہے۔

دنیا میں فیصلہ کروا

خالقِ کائنات کا فرمان ہے کہ:

وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ (پ۵ النساء، آیت ۵۸)

اور جب فیصلہ کرنے لگو لوگوں میں تو فیصلہ کرو انصاف سے۔ اللہ تعالیٰ اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو۔ بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

مذکورہ بالا باتوں کا اب تک کوئی فیصلہ نہیں کروایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کے مدرسہ رحمانیہ کا سالانہ خرچ دس لاکھ روپیہ ہے

ہفت روزہ الاعتصام لاہور ۲۰ رمضان ۱۴۰۶ھ میں شائع ہوا ہے۔ جو کہ مندرجہ ذیل سے ثابت ہوتا ہے:

پاک سرزمین پر

مولانا صفی الرحمن مبارک پوری بنارس ہند (قسط ۶)

"موصوف نے بتایا کہ اس پورے ادارے کا سالانہ خرچ دس لاکھ روپے ہے اور یہ پورا خرچ ہمارا خاندان برداشت کرتا ہے۔ ہم کسی سے چندہ نہیں لیتے۔ رحمانیہ کی عمارت کوئی ۳۷ لاکھ روپے میں تیار ہوئی ہے اور اس میں امارات کے حاکم کی ایک جزوی امداد کے سوا کسی سے کوئی رقم نہیں لی گئی۔

حافظ عبدالرحمن مدنی حفظ اللہ، مولانا عبداللہ روپڑی رحمہ اللہ کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، یعنی ان کے بھتیجے ہیں۔ کل چار بھائی ہیں، تین بھائی صنعت اور تجارت کو سنبھالے ہوئے ہیں اور مولانا مدنی حفظ اللہ کو مذکورہ اداروں کا انتظام سونپ رکھا ہے۔ ان لوگوں کا اصل کام پائپ سازی ہے اور اس سلسلے میں اتنی پیش رفت کر چکے ہیں کہ اب بے جوڑ کا پائپ بنانے کا اقدام کیا جا رہا ہے۔ مولانا مدنی نے بتایا کہ یہ پورے عالم اسلام میں اپنی نوعیت کا پہلا کارخانہ ہوگا۔"

مذکورہ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے خاندان والے دین کے معاملہ میں بہت شوق رکھتے ہیں۔

از دفتر چودھری محمد حسین ایڈووکیٹ
نوٹس بنام حافظ عبدالرحمن مدنی صاحب مدیر اعلیٰ ماہنامہ "محدث" لاہور

مکرمی عبدالرشید انصاری ولد پیر محمد انصاری سکنہ سرفراز کالونی جی ٹی روڈ گوجرانوالہ نے مجھے ہدایت کی ہے کہ آپ کو درج ذیل نوٹس دوں۔

واضح ہو کہ آپ نے اپنے موقر مجلہ ماہنامہ "محدث" لاہور کی جلد ۱۹ شمارہ اگست، ستمبر ۱۹۸۸ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ایک مضمون شائع کیا تھا جس میں یہ فقرہ رقم تھا: "جرابوں پر مسح کا انکار کرنا۔ یہ ایک ایسی بدعت ہے جس سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے۔"

ہر گاہ کہ مؤکلم عبد الرشید انصاری مذکور نے آپ سے استفسار کیا تھا کہ آیا متذکرہ صورت میں فاسق عملی فاسق ہے یا اعتقادی فاسق؟ اس سلسلہ میں مؤکلم علی الترتیب ۱۲/۹/۸۸ ، ۹/۱۰/۸۸ ، ۲۶/۸/۸۹ ، ۳۰/۷/۹۰ کو بذریعہ خطوط آپ سے وضاحت طلب کر چکا ہے اور اس کے علاوہ آپ کی خدمت میں ایک کتابچہ اور کچھ دیگر کتب بھی مؤکلم ارسال کر چکا ہے مگر آپ نے کوئی جواب نہ دیا ہے۔

واضح رہے کہ مؤکلم دینی رسائل میں کسی مسئلہ کو سند کے بغیر شائع کر دینے کو گمراہ کرنے کے مترادف سمجھتا ہے اور ایسے مسائل کو قرآن اور حدیث کی روشنی میں حل کرنے کو عین اخلاقی فرض سمجھتا ہے۔

غور فرمائیں! اگر کوئی شخص آپ سے وضاحت طلب کرے تو آپ کا بھی اخلاقی و دینی فریضہ ہے کہ اس کی تسلّی کریں یا اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ سے کوئی غلطی سرزد ہو گئی ہے تو اس کی معذرت کریں اور اپنی تحریر کو واپس لیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ آپ اس مسئلہ پر علماء سے مشورہ حاصل کر کے اس مسئلہ کو حل کریں مگر آپ کی جانب سے مکمل خاموشی مناسب نہیں۔

بذریعہ نوٹس ہذا آپ سے گزارش ہے کہ آپ اس مسئلہ کا تسلّی بخش حل دریافت کریں۔ بصورتِ دیگر مؤکلم ایسا کرنے پر مجبور ہوگا خواہ اسے شرعی یا سول عدالت تک جانا پڑے۔ آپ سے سوال ہے کہ کیا مؤکلم کو ایسا کرنے کا حق ہے یا کہ نہیں۔ وضاحت فرمائیں اور دو ہفتہ کے اندر جواب سے مطلع فرمائیں۔ مورخہ ۲۳/۸/۹۰

نقل محفوظ ہے تا کہ بوقتِ ضرورت کام آوے۔

عبد الرشید انصاری

بذریعہ چودھری محمد حسین ایڈووکیٹ ضلع کچہری سیالکوٹ

۲۵/۹/۹۰ کو رجسٹری واپس ہوئی۔ اس کے بعد دوبارہ ۲۵/۸/۹۰ کو اطلاع دی مگر ۱۸/۹/۹۰ کو ڈاک کی رپورٹ، لینے سے انکاری آئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یکم اکتوبر ۱۹۹۰ء کو بندہ خود لاہور گیا

میں حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب کے پاس لاہور گیا جب ان سے گفتگو ہوئی تو حافظ صاحب نے کہا کہ آپ جھگڑا کرنا چھوڑ دیں۔

جواب

اس کے متعلق میں نے غور و فکر کیا تو مجھے اللہ تعالیٰ کا فرمان یاد آیا۔ قرآن مجید میں ذکر ہے کہ جھگڑا کر اُن سے ساتھ اُس چیز کے کہ وہ بہت بہتر ہے جیسا کہ ارشاد ہے:

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ۔ (پ۱۴، النحل آیت ۱۲۵)	ان سے پسندیدہ طریقے سے بحث کرو۔

جیسے فرمانِ خداوندی ہے:

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتٰبِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ۔ (پ۲۱، العنکبوت آیت ۴۶)	اہلِ کتاب سے مناظرے مجادلے کا بہترین طریقہ ہی برتا کرو۔

اچھی بات کی پیروی کرنے والوں کو ہدایت یافتہ کہا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ۔ (پ۲۳، سورۃ الزمر، آیت ۱۸)	وہ لوگ جو بات سنتے ہیں پھر وہ اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں۔

۱/۹۰ کو حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب نے یہ بھی کہا تھا کہ پہلے جو لوگ تھے وہ کتاب میں اختلاف کرنے کے سبب ہلاک ہوئے

جواب

اگر کوئی آدمی زیادتی کرتا ہے اور باز نہیں آتا ان سے لڑنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے:

وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَّيَكُونَ الدِّينُ لِلّٰهِ ط فَإِنِ	ان سے یہاں تک لڑو کہ دین کی خرابی نہ رہے اور دین اللہ کے لیے ہو جائے، پھر اگر وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِنْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ (پ۲، البقرہ، آیت ۱۹۳)	باز آجائیں تو اب ان پر کوئی زیادتی نہ ہوگی مگر جو ظلم کریں۔

جھوٹی باتوں سے روکنے کا حکم اللہ تعالیٰ کا ہے:

لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ۔ (پ۶ سورۃ مائدہ آیت ۶۳)	انھیں ان کے عابد و عالم جھوٹ باتوں کے کہنے سے کیوں نہیں روکتے؟

۹ب؍ا کو حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب نے یہ بھی کہا تھا اور جس وقت کہ بات کرتے ہیں اُن سے جاہل کہتے ہیں کہ سلام ہے

مذکورہ بالا عبارت کا جواب دینا اخلاقی فرض ہے تاکہ بندہ کی اصلاح ہو سکے۔

لفظ جاہل کے معنیٰ ہیں نہ جاننا کسی مسئلہ کو اسکو کہتے ہیں جاہل

اب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب مدعی ہو گئے ہیں، حدیث پابند کرتی ہے مدعی کو اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِىْ۔ مدعی کے ذمہ ہوتا ہے کہ ثابت کرے جو اس نے بات کہی ہے کہ آپ جاہل ہیں۔

اگر آپ نے ثابت نہ کیا تو

حدیث میں ہے:

عَنْ اَنَسٍ وَّ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِىْ مَالَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ (بحوالہ المشکوٰۃ باب حفظ اللسان والغیبۃ والشتم)	حضرت انسؓ اور ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر دو شخص ایک دوسرے کو بُرا کہیں تو اس بُرا کہنے کا گناہ اس شخص پر ہوگا جس نے پہل کی ہے وہ ظالم ہے اور دوسرا مظلوم جب تک کہ مظلوم حد سے آگے نہ بڑھے۔ (مسلم)

اگر وہ شخص ایسا نہیں تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے۔ حدیث میں ہے:

عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى	حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہُ علیہِ وسلّم لا یرمی رجلٌ رجلاً بالفسوقِ ولا یرمیہ بالکفرِ اِلّا ارتدّت علیہِ اِن لم یکن صاحبہٗ کذلک - رواہ البخاریُّ

نے فرمایا ہے کوئی شخص کسی شخص پر نہ تو فسق کی تہمت لگائے اور نہ کفر کی، اس لیے کہ اگر وہ شخص ایسا نہیں ہے تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے ۔ (بخاری)

حدیث میں ہے: ومن لعن مؤمناً فھو کقتلہٖ، ومن قذف مؤمناً بکفرٍ فھو کقتلہٖ۔ (متّفقٌ علیہِ)

جو شخص کسی مسلمان پر لعنت کرے اس کا گناہ ایسا ہے جیسا کہ اس نے ایک مسلمان کو قتل کیا اور جو شخص کسی مسلمان پر کفر کی تہمت لگائے اس کا گناہ بھی ایسا ہی ہے جیسا کہ اس کو قتل کیا ۔

اب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب کو ثابت کرنا ہوگا جو لفظ انھوں نے کہے ہیں ۔

قتل کا بدلہ

حدیث میں ہے:

عنہُ قال اقتتلت امراتانِ من ھذیلٍ فرمت احدٰھما الاُخرٰی بحجرٍ فقتلتھا وما فی بطنھا فقضٰی رسولُ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وسلّم انّ دیۃَ جنینھا غرّۃٌ عبدٌ او ولیدۃٌ وقضٰی بدیۃِ المراۃِ علٰی عاقلتھا وورّثھا ولدھا ومن معھُم ۔ (متّفقٌ علیہِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ قبیلہ ہذیل کی دو عورتیں آپس میں لڑیں ایک نے دوسری کو پتھر مارا جس سے وہ اور اسکے پیٹ کا بچہ مر گیا. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاملہ میں یہ حکم دیا کہ پیٹ کے بچہ کا بدلہ غلام یا لونڈی کا غرہ ہے اور عورت کے قتل کا بدلہ اس عورت کی قوم پر ہے جس نے اسکو قتل کیا ہے اور اس کے خون بہا کا آپ نے اسکے بیٹوں اور ان لوگوں کو وارث بنایا جو بیٹوں کے ساتھ تھے ۔ (بخاری ومسلم)

قتل خطاء کا خون بہا

حدیث میں ہے:

عن عبدِ اللہِ بنِ عمرٍو انّ رسولَ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وسلّم قال الا انّ دیۃَ الخطاءِ شبہِ العمدِ ما کان بالسّوطِ والعصا مائۃٌ من الابلِ منھا اربعون فی بطونھا اولادُھا. رواہُ النّسائیُّ وابنُ ماجۃَ والدّارمیُّ (مشکوٰۃ باب الدّیات)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قتل خطاء کا خون بہا اگر کوڑے یا لاٹھی سے وقوع میں آیا ہو تو سو اونٹ ہیں جن میں ۴۰ حاملہ اونٹنیاں بھی ہوں ۔

(نسائی، ابن ماجہ ۔ دارمی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مورخہ ۲۸, جنوری ۱۹۹۱ء کو چودھری سردار ساکن سرفراز کالونی جی ٹی روڈ گوجرانوالہ نے جامعہ محمدیہ کے ایک طالب علم عبدالرزاق عابد کو کہا کہ بندہ کو حدیث پڑھ کر سنائیں جو کہ مندرجہ ذیل ہے

عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ۔

الترمذی

" مغیرہ بن شعبہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے وقت اپنی جرابوں پر مسح کیا اور جوتیوں پر (بھی) ۔"

جواب

أَمَّا الْحَدِيْثُ الْمَرْفُوْعُ فَهُوَ مَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَغَيْرُهُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَأَمَّا الْخَدْشَةُ فِي الْاِسْتِدْلَالِ بِهِ فَهِيَ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ ضَعِيْفٌ لَا يَصِحُّ الْاِسْتِدْلَالُ بِهِ قَالَ أَبُوْ دَاوٗدَ بَعْدَ رِوَايَتِهٖ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْمَهْدِيِّ لَا يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ لِأَنَّ الْمَعْرُوْفَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَرُوِيَ هٰذَا أَيْضًا عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَلَيْسَ بِالْمُتَّصِلِ وَلَا بِالْقَوِيِّ اِنْتَهٰى. قَالَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ سُنَنِهٖ اِنَّ أَبَا مُحَمَّدٍ يَحْيٰى بْنَ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ مُسْلِمَ بْنَ الْحَجَّاجِ ضَعَّفَ

مرفوع حدیث مغیرہ بن شعبہؓ سے امام ترمذی وغیرہ روایت فرماتے ہیں۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اس میں خرابی یہ ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اس سے استدلال صحیح نہیں ہے۔ امام ابوداؤد یہ روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عبدالرحمان بن مہدی بیان نہیں کیا کرتے تھے چونکہ مغیرہؓ بن شعبہؓ سے عام معروف یہ ہے کہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا۔ اور یہ حدیث کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جرابوں پر مسح کیا" یہ ابوموسیٰ اشعریؓ سے بھی مروی ہے لیکن یہ متصل اور قوی نہیں۔ انتہی بیہقی سنن میں فرماتے ہیں کہ ابومحمد یحییٰ بن منصور فرماتے ہیں کہ میں نے مسلم بن حجاج قشیری سے سنا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هذا الخبر عن المغيرة فقالوا مسح على الخفين وقال لا يترك ظاهر القرآن بمثل ابي قيس وهذيل قال فذكرت هذه الحكاية عن مسلم لابي العباس محمد بن عبد الرحمن الدغولي فسمعته يقول سمعت علي بن محمد بن شيبان يقول سمعت ابا قدامة السرخسي يقول قال عبد الرحمن بن مهدي قلت لسفيان الثوري لو حدثتني بحديث ابي قيس عن هذيل ما قبلته منك فقال سفيان: الحديث ضعيف۔

سنا کہ وہ مغیرہ بن شعبہؓ کی اس روایت کو ضعیف قرار دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ عام رواۃ سے یہ منقول ہے کہ "آپؐ نے موزوں پر مسح کیا" اور فرماتے تھے کہ ابوقیس اور ہذیل جیسے راویوں کی روایت سے ظاہر قرآن کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔ ابو محمد یحییٰ بن منصورؒ فرماتے ہیں کہ امام مسلم کی یہ بات میں نے ابوالعباس محمد بن عبدالرحمان دغولی کے سامنے ذکر کی وہ فرمانے لگے کہ میں نے علی بن محمد بن شیبان سے سنا تھا وہ فرما رہے تھے کہ میں نے ابوقدامہ سرخسی سے سنا تھا کہ وہ فرماتے تھے کہ عبدالرحمان بن مہدی کہنے لگے کہ سفیان ثوری کو میں نے کہا کہ اگر آپ مجھے ابوقیس عن ہذیل کی احادیث بیان کریں گے تو میں قبول نہیں کروں گا تو سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔

ثم اسند البيهقي عن احمد بن حنبل قال ليس يروى هذا الحديث الا من رواية ابي قيس الاودي وابى عبد الرحمن ابن مهدي ان يحدث بهذا الحديث وقال هو منكر۔

امام بیہقیؒ احمد بن حنبل سے سند بیان فرماتے ہیں کہ روایت صرف ابوقیس اور ابوعبدالرحمان بن مہدی سے ہی مروی ہے۔ اور امام احمد بن حنبل اگر یہ حدیث بیان بھی فرماتے تو کہتے کہ "یہ منکر ہے۔"

واسند البيهقي ايضا عن علي بن المديني قال حديث المغيرة بن شعبة في المسح رواه عن المغيرة اهل المدينة واهل الكوفة واهل البصرة ورواه هذيل بن شرحبيل عن

امام بیہقیؒ علی بن مدینی سے بھی سند ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مغیرہ بن شعبہؓ کی حدیث مسح موزوں کے متعلق اہل مدینہ، اہل کوفہ اور اہل بصرہ سب مغیرہ بن شعبہؓ سے بیان فرماتے ہیں مگر ہذیل عن شرحبیل عن المغیرہ مسح علی الجوربین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُغِيْرَةِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ فَخَالَفَ النَّاسَ۔

بیان فرماتے ہیں اور یہ باقی سب لوگوں سے مخالف ذکر کرتے ہیں۔

وَأَسْنَدَ أَيْضًا عَنْ يَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ قَالَ النَّاسُ كُلُّهُمْ يَرْوُوْنَهُ عَلَى الْخُفَّيْنِ غَيْرَ أَبِي قَيْسٍ۔ انْتَهٰى

امام بیہقیؒ یحیٰی بن معینؒ سے بھی مسند ذکر کرتے ہیں کہ" ابوقیس کے علاوہ باقی سب نے (علی الخفین) یعنی موزوں پر مسح کا ذکر کیا ہے۔ انتہی

وَقَالَ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَعْرِفَةِ وَأَمَّا الْمَسْحُ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ فَقَدْ رَوَى أَبُو قَيْسٍ الْأَوْدِيُّ عَنْ هُذَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى جَوْرَبَيْهِ وَنَعْلَيْهِ وَذَاكَ حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ ضَعَّفَهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَأَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَيَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَمُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَالْمَعْرُوْفُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ حَدِيْثُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَرُوِيَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الصَّحَابَةِ أَنَّهُمْ فَعَلُوْهُ۔ انْتَهٰى۔

امام بیہقی اپنی کتاب" المعرفۃ" میں ذکر کرتے ہیں کہ جرابوں اور جوتوں پر مسح کرنا ابوقیس اودی عن ہذیل بن شرحبیل عن المغیرہ بن شعبہ جو بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا ہے۔ یہ حدیث منکر ہے۔ سفیان ثوری، عبدالرحمان بن مہدی، احمد بن حنبل، یحیٰی بن معین، علی بن المدینی اور مسلم بن حجاج قشیری رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔ مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت معروف موزوں پر مسح کی ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت سے مروی ہے کہ وہ موزوں پر مسح کرتے رہے۔ انتہی

فَإِنْ قُلْتَ قَدْ أَجَابَ عَنْ هٰذِهِ الْخَدْشَةِ الشَّيْخُ الْإِمَامُ تَقِيُّ الدِّيْنِ ابْنُ دَقِيْقِ الْعِيْدِ بِقَوْلِهِ وَمَنْ يُصَحِّحُهُ يَعْتَمِدُ بَعْدَ تَعْدِيْلِ أَبِي قَيْسٍ عَلَى كَوْنِهِ لَيْسَ مُخَالِفًا لِرِوَايَةِ الْجُمْهُوْرِ مُخَالَفَةَ مُعَارَضَةٍ بَلْ هُوَ أَمْرٌ زَائِدٌ عَلَى مَا رَوَوْهُ وَلَا يُعَارِضُهُ وَلَا سِيَّمَا وَهُوَ طَرِيْقٌ مُسْتَقِلٌّ بِرِوَايَةِ هُذَيْلٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ لَمْ يُشَارِكِ الْمَشْهُوْرَاتِ فِي

اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ تقی الدین ابن دقیق العید رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ جو لوگ مسح جوربین کو صحیح قرار دیتے ہیں وہ ابی قیس کی تعدیل بیان کرنے کے بعد ذکر کرتے ہیں کہ ابوقیس کی روایت متعارضاً مخالف نہیں یہ دوسری روایت ہے اور ایک زائد حکم ہے پہلے کے متعارض نہیں جبکہ یہ ہذیل عن شعبہ ایک مستقل سند ہے۔ مسح علی الخفین کی مشہور روایات کی سند میں

www.KitaboSunnat.com

سندها۔

قلت قد ظهر لك مما تقدم ان كل من روى حديث المغيرة بن شعبة في المسح من اهل المدينة واهل الكوفة واهل البصرة رواه بلفظ انه صلى الله عليه وسلم مسح على الخفين الا هذيل بن شرحبيل فانه روى بلفظ انه صلى الله عليه وسلم مسح على الجوربين والنعلين فخالف الناس كلهم ولا شك ان رواية هذه معارضة ومنافية لما رووه لانه يثبت من هذه الرواية انه صلى الله عليه وسلم مسح على الجوربين والنعلين دون الخفين ويثبت من روايتهم انه صلى الله عليه وسلم مسح على الخفين دون الجوربين والنعلين فكيف يصح قول ابن دقيق العيد ان هذه الرواية ليست مخالفة لرواية الجمهور مخالفة معارضة واما قوله بل هو امر زائد على ما رووه ولا يعارضه فهذا ايضا ليس بمستقيم لانهم رووه بلفظ انه صلى الله عليه وسلم مسح على الخفين ولم يزد هذيل بن شرحبيل على هذا اللفظ لفظ والجوربين والنعلين حتى يقال انه روى امرا زائدا على

یہ شریک نہیں ہیں۔

تو اس کے جواب میں یہ کہہ دوں گا کہ پہلے مضمون سے یہ واضح ہو چکا ہے کہ مسح خفین کی روایت میں مغیرہ بن شعبہ سے اہل مدینہ، اہل کوفہ اور اہل بصرہ سب مسح علی الخفین یعنی موزوں پر مسح کیا ذکر فرماتے ہیں مگر ہذیل بن شرحبیل مسح علی الجوربین والنعلین یعنی جرابوں اور جوتوں پر مسح ذکر کرتے ہیں۔

وہ سب راویوں کے مخالف ذکر کرتے ہیں

اور بلاشک یہ دوسری روایات کے متعارض اور منافی ہے کیونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت نے جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا موزوں پر نہیں اور دوسری روایات سے ثابت ہوتا ہے آنحضرت نے موزوں پر مسح کیا جرابوں اور جوتوں پر نہیں تو ابن دقیق العید کی یہ بات کیسے درست ہو سکتی ہے کہ جرابوں اور جوتوں کی روایت موزوں پر مسح کرنے کی جمہور راویوں کی روایات سے مخالف اور متعارض نہیں۔ ابن دقیق العید کا یہ کہہ دینا کہ جرابوں اور جوتوں پر مسح کرنے کی روایات موزوں پر مسح کرنے سے ایک دوسرا امر زائد حکم ہے یہ بھی درست نہیں کیونکہ جمہور کے الفاظ ہیں کہ مسح علی الخفین، یعنی موزوں پر مسح کیا اور ہذیل نے ان الفاظ پر زیادتی نہیں کی کہ مسح علی الخفین کے بعد الجوربین اور النعلین کے الفاظ بڑھا دیتے کہ کہا جائے کہ یہ ایک دوسرا اور زائد حکم ہے بلکہ "علی الخفین"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَارَوَوْهُ بَلْ رَوْى مَكَانَ لَفْظِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لَفْظَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ فَتَفَكَّرْ عَلَا اَنَّهُ قَدِ اتَّفَقَ عَلَى تَضْعِيْفِ رِوَايَةِ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ مِثَالُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ مَهْدِيٍّ وَابْنِ مَعِيْنٍ وَاَحْمَدَ وَابْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَمُسْلِمٍ وَاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ فَبَعْدَ اتِّفَاقِ هٰؤُلَاءِ الْاَجِلَّةِ لَا يُجْدِيْ مَا قَالَهُ اِبْنُ دَقِيْقِ الْعِيْدِ نَفْعًا۔

وَاَمَّا تَحْسِيْنُ التِّرْمِذِيِّ وَتَصْحِيْحُهٗ فَقَالَ النَّوَوِيُّ عَلٰى مَا فِيْ فَتْحِ الْقَدِيْرِ (كُلٌّ مِنْهُمْ لَوْ اَيْ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَجِلَّةِ لَوْ اِنْفَرَدَ قُدِّمَ عَلَى التِّرْمِذِيِّ مَعَ اَنَّ الْجَرْحَ مُقَدَّمٌ عَلَى التَّعْدِيْلِ۔ اِنْتَهٰى۔

کی جگہ پر ہی انہوں نے علی الجوربین والنعلین کو ذکر کیا (ذرا اس میں تدبر کیجیے) چہ جائیکہ ہذیل بن شرجیل کی روایت کو سفیان ثوری، ابن مہدی، ابن معین، احمد بن حنبل، ابن المدینی، امام مسلم، ابوداؤد اور امام نسائی جیسے جلیل القدر محدثین نے بالاتفاق ضعیف قرار دیا ہو اور اس کے بعد ابن دقیق العید کا مذکورہ قول کا ذکر کر دینا باعث منفعت نہیں ہے

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ کا حسن صحیح قرار دینا امام نووی اس کے متعلق فرماتے ہیں جیسا کہ فتح القدیر میں مذکور ہے۔ دیکھیے اگر ان جلیل القدر محدثین میں سے مسح علی الجوربین والنعلین کی روایت کو کمزور قرار دینے میں تنہا ایک بھی ہو تو پھر بھی امام ترمذی کی بات پر اسے ترجیح ہو گی نیز جرح تعدیل پر مقدم بھی ہوتی ہے انتہیٰ

(فتاویٰ نذیریہ جلد اوّل)

نوٹ: امام نووی فرماتے ہیں:

اتفق الحفاظ علی تضعیفہ ولا یقبل قول الترمذی انہ حسن صحیح

(تحفۃ الاحوذی ص ۱۰۱ ج ۱)

تمام حفاظ اس حدیث کے ضعیف ہونے پر متفق ہیں۔ امام ترمذی کا اسے حسن صحیح کہنا قابلِ قبول نہیں۔

ان تمام مذکورہ بالا صفحات کی وضاحت کریں

طالب علم عبدالرزاق عابد اور تمام اہلِ علم مدرسین اور مہتمم حضرات کی خدمت میں اپیل ہے اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور خوشنودی کے لیے کام کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوال: مسجد میں کتاب کا سببِ تالیف بیان کرنا تا کہ مسلمانوں کو حق بات کا علم ہو سکے۔

جواب

یہ عام قاعدہ ہے کہ ضرورتیں مباح کر دیتی ہیں ممنوع چیزوں کو، ایک شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سوال کرتا ہے۔ حدیث ملاحظہ ہو:

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْاَلُہٗ فَقَالَ اَمَا فِیْ بَیْتِکَ شَیْءٌ فَقَالَ بَلٰی حِلْسٌ نَلْبَسُ بَعْضَہٗ وَنَبْسُطُ بَعْضَہٗ وَ قَعْبٌ نَشْرَبُ فِیْہِ مِنَ الْمَآءِ قَالَ ائْتِنِیْ بِھِمَا فَاَتَاہُ بِھِمَا فَاَخَذَھُمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِیَدِہٖ وَقَالَ مَنْ یَّشْتَرِیْ ھٰذَیْنِ قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُھُمَا بِدِرْھَمٍ قَالَ مَنْ یَّزِیْدُ عَلٰی دِرْھَمٍ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُھُمَا بِدِرْھَمَیْنِ فَاَعْطَاھُمَا اِیَّاہُ فَاَخَذَ الدِّرْھَمَیْنِ فَاَعْطَاھُمَا الْاَنْصَارِیَّ وَقَالَ اشْتَرِ بِاَحَدِھِمَا طَعَامًا فَانْبِذْہُ اِلٰی اَھْلِکَ وَاشْتَرِ بِالْاٰخَرِ قَدُوْمًا فَاْتِنِیْ بِہٖ فَاَتَاہُ بِہٖ فَشَدَّ فِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک انصاری آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپ سے سوال کرتا تھا، آپؐ نے فرمایا تیرے گھر میں کوئی چیز ہے کہا کیوں نہیں ٹاٹ ہے اس کے بعض کو ہم پہنتے ہیں اور اس کے بعض کو بچھاتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں آپؐ نے فرمایا دونوں چیزیں میرے پاس لاؤ وہ دونوں چیزیں جا کر آپؐ کے پاس لے آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے ہاتھ میں لیا اور فرمایا ان دونوں کو کون خریدتا ہے۔ ایک آدمی نے کہا میں یہ دونوں ایک درہم میں خریدتا ہوں آپ نے فرمایا ایک درہم سے زیادہ کون دیتا ہے دو یا تین مرتبہ اس طرح فرمایا، ایک آدمی نے کہا میں دو درہم دیتا ہوں، آپؐ نے وہ دونوں اس کو دے دیں اور اس سے دو درہم لے لیے اور انصاری کو دے کر فرمایا ایک درہم کا کھانا وغیرہ خرید لو اور اپنے گھر والوں کو دے دو، دوسرے درہم کا تیشہ خرید کر میرے پاس لاؤ وہ لایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُوْدًا بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَاحْتَطِبْ وَبِعْ وَلَا اَرَيَنَّكَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَذَهَبَ الرَّجُلُ يَحْتَطِبُ وَيَبِيْعُ فَجَاءَ وَقَدْ اَصَابَ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاشْتَرٰى بِبَعْضِهَا ثَوْبًا وَبِبَعْضِهَا طَعَامًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ تَجِيْءَ الْمَسْئَلَةُ نُكْتَةً فِيْ وَجْهِكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَصْلُحُ اِلَّا لِثَلٰثَةٍ لِذِيْ فَقْرٍ مُّدْقِعٍ اَوْ لِذِيْ غُرْمٍ مُّفْظِعٍ اَوْ لِذِيْ دَمٍ مُّوْجِعٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوٰى ابْنُ مَاجَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔

وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے اس میں لکڑی ٹھونک دی اور فرمایا جاؤ اور لکڑیاں لاکر بیچا کرو میں پندرہ دن تمہیں نہ دیکھوں وہ آدمی گیا اور لکڑیاں لاتا ان کو بیچتا اس کو دس درہم ملے اس نے اس رقم میں سے کچھ تو کپڑا خریدا اور کچھ کھانے کی چیزیں، پھر اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تیرے لیے اس سے بہتر ہے کہ تو مانگتا پھرے اور قیامت کے دن تیرے چہرے پر سوال کا داغ ہو۔ سوال کرنا صرف تین شخصوں کو جائز ہے ایک۔ تو اس مفلس کو جس کو افلاس نے زمین پر گرا دیا ہو۔ دوسرے اس قرض دار کو جس کا قرض بھاری ہو۔ تیسرے اس شخص کو جو کسی کی دیت کا ضامن ہو، اور اس کے ادا کرنے کی قوت نہ رکھتا ہو۔ (ابوداؤد)

(بَابُ مَنْ لَا تَحِلُّ لَهُ الْمَسْئَلَةُ (مشکوٰۃ))

اس حدیث سے معلوم ہوا، آپؐ نے اپنے ہاتھ میں پیالہ اور ایک موٹا کمبل لے کر فرمایا ان کو کون خریدتا ہے۔

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ ۔

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوا اس کے نہیں اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

تمام آبادیوں میں محبوب ترین جگہ مساجد ہیں اور مسجد میں لوگوں کو اچھی باتیں بتائی جاتی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث میں ہے :

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰهِ مَسَاجِدُهَا وَاَبْغَضُ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰهِ اَسْوَاقُهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک تمام آبادیوں میں محبوب ترین مساجد ہیں، اور بدترین مقامات بازار ہیں ـ (مسلم)

مسئلہ سیکھ لینا ہزار رکعت نوافل سے افضل ہے، اس لیے مسئلہ بتانا چاہیے ـ

حدیث شریف میں ہے کہ قرآن مجید کی ایک آیت سیکھ لینا ایک سو رکعت نفل پڑھنے سے زیادہ ثواب ہوتا ہے، اور مسئلہ سیکھ لینا ہزار رکعت نوافل سے افضل ہے ـ (ابن ماجہ، صفحہ ٢٠، ج)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ ـ (پ، الانفال آیت ٦٠)

اور جہاں تک تم سے ہو سکے اپنا زور تیار رکھو ـ

اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ـ

جہاد قیامت تک جاری ہے ـ (الحدیث، مشکوٰۃ)

جہاد کا معنی ہے کہ راہ خدا میں بھرپور کوشش اور جدوجہد کرنا ـ راہ خدا میں اس کوشش کی تین قسمیں ہیں ـ (١) مسلح ہو کر (٢) زبان سے (٣) قلم سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زندگی بھر ان تینوں طریقوں سے راہ حق میں جہاد کیا ـ مکی زندگی میں مشرکین کے خلاف زبان کے ساتھ جہاد کیا مدنی زندگی میں تینوں طریقوں سے سلسلہ جہاد کو جاری رکھا ـ مشرکین و یہود کے خلاف تلوار کا جہاد، منافقین کے ساتھ زبان کا جہاد، اور بعض سربراہانِ مملکت کو خط لکھ کر قلم سے جہاد کیا ـ

سببِ تالیف

اس لیے بیان کرنا ہے کہ دین خیر خواہی کا نام ہے، مسلمانوں کو خبر دینی کہ یہ کتاب اس لیے تیار ہوئی کہ: "ایک شخص چیلنج کرتا ہے اس کا جواب دیا جاتا ہے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

سارے مومن شخص واحد کی مانند ہیں جب اس کی آنکھ دکھتی ہے تو سارا جسم دکھتا ہے راہ خدا میں اسی کوشش کی تین قسمیں ہیں : (۱) مسلح ہوکر (۲) زبان سے (۳) قلم سے جہاد کرنا سربراہان مملکت کو خط لکھ کر قلم سے جہاد کرنا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

وَ جَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَ أَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللهِ (پارہ ۱۰، سورہ توبہ، آیت ۴۱)

اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرو۔ مال ہوگا تو تبلیغ ہوگی اس لیے اللہ تعالیٰ نے پہلے مال کا ذکر کیا ہے۔ انسان مال سے بہت محبت رکھتا ہے ارشاد ہے :

وَ تُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ط پارہ (۳۰) سورہ فجر، آیت (۲۰)۔

اور دوست رکھتے ہو تم مال کو دوست رکھنا بہت

نوٹ : مسجد میں دنیاوی باتیں یعنی لغو باتیں کرنا منع ہیں۔ لیکن عام قاعدہ ہے کہ ضرورتیں مباح کردیتی ہیں ممنوع چیزوں کو مسجد میں لوگوں کو اچھی باتیں بتائی جاتی ہیں۔ مسئلہ سیکھ لینا ہزار رکعت نوافل سے افضل ہے۔ دین خیر خواہی ہی کا نام ہے مسلمانوں کو خبر دینی کہ یہ کتاب اس لیے تیار ہوئی کہ ایک شخص چیلنج کرتا ہے پھر اس کے چیلنج کو قبول کرنا۔ اس کا جواب لکھنا۔

جب جواب لکھے گا ۔ پھر اس کو معلوم ہوگا کہ میں نے سچ بولا ہے یا جھوٹ بولا ہے۔

www.KitaboSunnat.com

ظاہر کردے گا اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو

اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر کیا ہے کہ :

فَلَيَعْلَمَنَّ اللهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝	پس البتہ ظاہر کردے گا اللہ ان لوگوں کو کہ سچ بولے ہیں اور البتہ ظاہر کردے گا جھوٹوں کو۔

(پ ۲۰ ، العنکبوت، آیت ۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ سے ڈرنے والوں کی مشکل، اللہ آسان کرتا ہے

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰیَۃً لَوْ اَخَذَ النَّاسُ بِھَا لَکَفَتْھُمْ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ۔

حضرت ابی ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ کو ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عمل کریں تو وہی ان کو کافی ہے (اور وہ آیت یہ ہے) وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (یعنی جو شخص خدا سے ڈرے خداوند تعالیٰ اس کے لیے نجات کا راستہ پیدا کر دیتا ہے اور اسکو ایک ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے خیال و گمان تک نہیں ہوتا۔

(احمد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

نیز ایک روایت میں ہے کہ:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَوْ اَنَّکُمْ تَتَوَکَّلُوْنَ عَلَی اللّٰہِ حَقَّ تَوَکُّلِہٖ لَرَزَقَکُمْ کَمَا یَرْزُقُ الطَّیْرَ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَّتَرُوْحُ بِطَانًا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ اگر تم خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرو ایسا بھروسہ جیسا کہ بھروسہ کا حق ہے تو وہ تم کو اس طرح رزق دے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے وہ صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھرے (اپنے گھونسلوں میں) جاتے ہیں (ترمذی۔ ابن ماجہ)

ایک حدیث میں اس طرح ہے کہ:

وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ الْعَبْدَ کَمَا یَطْلُبُہٗ اَجَلُہٗ رَوَاہُ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَۃِ۔ (باب التوکل والصبر)

حضرت ابی درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رزق بندہ کو اسی طرح ڈھونڈتا ہے جس طرح موت انسان کو ڈھونڈتی ہے۔ (ابونعیم)

جو شخص احکام خدا بجا لائے اس کی حرام کردہ چیزوں سے پرہیز کرے اللہ تعالیٰ اس کے لیے مخلصی پیدا کرتا ہے اور ایسی جگہ سے اس کو رزق پہنچاتا ہے کہ اس کے خواب و خیال میں بھی نہ ہو۔ اللہ سے ڈرنے والوں کی مشکل خدا آسان کرتا ہے اور بے گمان روزی پہنچاتا ہے۔ (ابن کثیر)

نوٹ:۔ اگر کسی مسلمان کو کوئی اچھی اور خوش کن خبر ملے تو اس کو اپنے ساتھیوں کو بتانا مستحب ہے (بحوالہ رسالہ کتاب التوحید مصنف ابن یعقوب)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شیطان کو پکڑ لو یا اس شیطان کو روک لو (حدیث میں ہے)

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَنَا نَحْنُ نَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ إِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّيْطَانَ أَوْ أَمْسِكُوا الشَّيْطَانَ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

حضرت ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مقام عرج میں (مکہ کے راستہ میں ایک گاؤں ہے) جا رہے تھے کہ ایک شاعر شعر پڑھتا ہوا سامنے آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے اشعار سن کر) فرمایا اس شیطان کو پکڑ لو۔ یا اس شیطان کو روک لو انسان کا پیپ سے پیٹ بھر لینا اس سے بہتر ہے کہ اس میں شعر بھرے ہوں (مسلم)

گانا یا راگ دل میں نفاق پیدا کرتا ہے (حدیث میں ہے)

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گانا یا راگ اسی طرح دل میں نفاق کو پیدا کرتا ہے جس طرح پانی کھیتی کو اگاتا ہے (بیہقی)

آواز سنی، اور اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں رکھ لیں (حدیث میں ہے)

عَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِي طَرِيقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ وَنَاءَ عَنِ الطَّرِيقِ إِلَى الْجَانِبِ الْآخَرِ ثُمَّ قَالَ لِي بَعْدَ أَنْ بَعُدَ يَا نَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قُلْتُ لَا فَرَفَعَ إِصْبَعَيْهِ مِنْ أُذُنَيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ [illegible] قَالَ نَافِعٌ [illegible] رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ [illegible]

حضرت نافع کہتے کہ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جا رہا تھا، کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ”نَے“ کی آواز سنی اور اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں رکھ لیں اور راستہ سے ہٹ کر دور چلے گئے پھر مجھ سے فرمایا نافع! تجھ کو آواز آ رہی ہے تو بھی ”نَے“ کی آواز سن رہا ہے میں نے عرض کیا نہیں، انھوں نے کانوں سے انگلیاں نکال لیں اور کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا کہ آپ نے ”نَے“ کی آواز سنی اور [illegible] یہی کیا جو میں نے اس وقت کیا، نافع کہتے ہیں کہ [illegible] اس وقت بہت چھوٹا تھا۔ (احمد۔ ابوداؤد)

المكتبة الرحمانية
06881

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خالق کائنات کا فرمان:

الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ پارہ ۲۳ سورۃ الزمر آیت ۱۸

وہ لوگ جو سنتے ہیں پھر وہ اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی اور یہی لوگ عقل والے ہیں

ہم قرآن اور متواتر حدیث کے مضمون کو کیوں چھوڑ دیں؟

فتاوی نذیریہ جلد اول

جرابوں پر مسح جائز نہیں

اس کے جواز پر کوئی دلیل قوی نہیں ہے

جامع وترتیب: عبدالرشید انصاری، سرفراز کالونی، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ